آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 12 مئی 2020ء بمطابق 18 رمضان المبارک 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 133

(سلوگن) لاک ڈاؤن نرمی پر دکاندار مناسب تعداد میں گاہکوں کو وقت اور نمبر دینے کی روایت ڈالیں تاکہ کرونا وائرس سے بچا جاسکے، باقی احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے۔

کرونا وائرس صورتحال دن بدن خطرناک ہوتی جارہی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

شعبہ سیاحت کی ترقی بلوچستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے صوبے کے خوبصورت اور منفرد ساحلی اور پہاڑی مقامات کو بہترین سیاحتی مراکز کے طور پر دنیا میں متعارف کرانے کی ضرورت ہے سیاحت کی ترقی کے لئے جامع پالیسی تیار کی گئی ہے

فرنٹ لائن پر اپنی خدمات کی انجام دہی کے دوران کورونا وائرس کا شکار ہوجانے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے لئے 20,20 ہزار روپے فی کس دینے کا اعلان کردیا، میر جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی جانب سے فرنٹ لائن پر اپنی خدمات کی انجام دہی کے دوران کورونا وائرس کا شکار ہوجانے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے لئے 20,20 ہزار روپے فی کس دینے کا اعلان کردیا، صحافی برادری ہمارا سرمایہ ہیں جو انتھک محنت اور لگن سے کام کرتے ہوئے ہمیں صورتحال سے آگاہ کرتے ہیں حکومت بلوچستان صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی فلاح و بہبود اور مدد کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائے گی ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان نے میڈیا کے وفد سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو زیارت ویلی ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی جارہی ہے

صورتحال کو مدنظر رکھ کر لاک ڈاؤن میں بتدریج نرمی کی گئی

وزیراعظم

ویٹی لیٹرز کے بہترین استعمال اور آسانی سے میسر آنے کیلئے مربوط حکمت عملی تیار کی جائے تاکہ ضرورت پڑنے پر میسر سہولت تک آسانی سے پہنچا جاسکے

بین الاقوامی طور پر اس امر کا ادراک کی جارہا ہے کہ لاک ڈاؤن کورونا کے خلاف وقتی عمل ہے، کورونا سے بچاؤ کے لئے حفاظتی اقدامات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے

کورونا سے بچاؤ کے لئے حفاظتی اقدامات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے، کورونا کے ٹیسٹ کے حوالے سے بعض حلقوں میں خدشات کو دور کیا جائے، عمران خان کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ہدایت کی ہے کہ ویٹی لیٹرز کے بہترین استعمال اور آسانی سے میسر آنے کیلئے مربوط حکمت عملی تیار کی جائے تاکہ ضرورت پڑنے پر میسر سہولت تک آسانی سے پہنچا جاسکے، کورونا سے بچاؤ کے لئے حفاظتی اقدامات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے، کورونا کے ٹیسٹ کے حوالے سے بعض حلقوں میں خدشات کو دور کیا جائے۔ یہ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ملکی معاشی صورتحال، عوام کے مسائل اور دیگر حکمتوں کی صورتحال کو مدنظر رکھ کر لاک ڈاؤن میں بتدریج نرمی کی گئی ہے، کورونا سے بچاؤ کے لئے حفاظتی اقدامات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے، کورونا کے ٹیسٹ کے حوالے سے بعض حلقوں میں خدشات کو دور کیا جائے۔ یہ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت کورونا وائرس کی صورتحال سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء، معاون خصوصی، مشیران ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، عبدالرزاق داؤد، معاون خصوصی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم باجوہ، ظفر مرزا، ڈاکٹر معید یوسف و دیگر سینئر افسران شریک ہوئے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان کیبنٹ ویلفیئر سوسائٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نوجوانوں کو ملک بھر میں مرحلہ وار متحرک کرنے کا عمل بھی جاری رکھا جائے، عمران خان

عمران خان سے معاون خصوصی عثمان ڈار کی ملاقات، ٹائیگر فورس متحرک کئے جانے کے بعد پہلی رپورٹ پیش کی

وزیراعظم کا تمام صوبوں کے چیف سیکرٹریز سے خطاب کا فیصلہ سندھ میں رجسٹرڈ نوجوانوں سے متعلق اہم فیصلہ ایک دو روز میں متوقع

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان سے معاون خصوصی عثمان ڈار نے بیج کو ملاقات کی ہے اور وزیراعظم کو ٹائیگر فورس متحرک کئے جانے کے بعد پہلی رپورٹ پیش کی۔ عثمان ڈار نے صوبائی حکومتوں کے تعاون اور اعداد و شمار پر بھی بریفنگ دی۔ عثمان ڈار کا کہنا تھا کہ رجسٹرڈ نوجوان محنت اور لگن کے ساتھ دی گئی ذمہ داریوں کو نبھا رہے ہیں۔ یونین کونسل کی سطح پر ٹائیگر فورس کی جانب سے بے روزگار افراد کی رجسٹریشن میں بھی مدد ملی۔ صوبوں سے موصول ہونے والی رپورٹس تسلی بخش

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اسمبلی اجلاس میں شرکت کرنیوالے رسک پر ہونگے، فواد چوہدری

پہلے دن سے ووٹنگ پر سیشن کا کہہ رہا ہوں، اپوزیشن کے دباؤ میں آکر پارلیمانی کمیٹی نے غیر دانشمندانہ فیصلہ کیا، ٹویٹ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں شرکت کرنے والے ایک ہزار افراد رسک پر ہوں گے، میں اجلاس میں شرکت نہیں کروں گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن کا تیسرا روز

تمام شاپنگ مالز مارکیٹس دکانوں گودام آٹو ریلیٹر شاپس صبح 3 بجے سے سہ پہر 5 بجے تک کھلی رہے گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن کا تیسرا روز سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت تمام شاپنگ مالز مارکیٹس دکانوں گودام آٹو ریلیٹر شاپس صبح 3 بجے سے سہ پہر 5 بجے تک کھلی رہے گی ضلعی انتظامیہ کے مطابق: بیرکنگ سیلونز کو بھی صبح 3 بجے سے شام 5 بجے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

جڑواں شہروں میں قبضہ مافیا کا راج ہے اور ریاست کی کوئی رٹ نہیں، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ایک کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ جڑواں شہروں میں قبضہ مافیا کا راج ہے اور ریاست کی کوئی رٹ نہیں۔ یہ کو سپریم کورٹ نے اسلام آباد میں پلاٹ پر قبضے کے خلاف کی درخواست جنات پر سماعت کی۔ عدالت نے قائد کورال کے تفتیشی افسر انسپکٹر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

نائب حکومت نے عوام کو مصیبت میں مایوس چھوڑا کسی بھی سطح پر کارکردگی اطمینان بخش نہیں ہے، مولانا عبدالواسع

صوبے کو منتخب نمائندوں اور اپوزیشن کے بغیر چلانے کی تصویری کی پریکٹس ہو رہی ہے جس کی وجہ سے کوئی بھی شخص مطمئن نہیں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر، رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ نائب حکومت نے عوام کو مصیبت میں مایوس چھوڑا کسی بھی سطح پر کارکردگی اطمینان بخش نہیں ہے اور صوبے کو منتخب نمائندوں اور اپوزیشن کے بغیر چلانے کی تصویری

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چیئرمین نیب نے مزار قائد کے گرد چائنہ کٹنگ اور غیر قانونی تعمیرات کا نوٹس لے لیا

کراچی (این این آئی) چیئرمین قومی احتساب بیورو (نیب) جاوید اقبال نے مزار قائد کے گرد چائنہ کٹنگ اور غیر قانونی تعمیرات کا نوٹس لے لیا ہے جبکہ ٹائروں کے غیر قانونی کاروبار کے ذریعے عوام کو لوٹنے والے گرفتار ملزم عاطف زمان کے کیس سے متعلق رپورٹ بھی طلب کرلی۔ نیب اہلکار کے مطابق چیئرمین نیب

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ضلع بھر میں لاک ڈاؤن کے دوران اب تک 24 ہزار 27 خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا ہے، محمد وسیم

گوادر (ٹی خان) اپنی کمشنر گوادر کیپٹن (ر) محمد وسیم نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے لاک ڈاؤن کے دوران

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں رکن قومی اسمبلی کے 11 کروڑ روپے کے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈر التوا کا شکار

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں رکن قومی اسمبلی کے 11 کروڑ روپے کے ترقیاتی منصوبوں

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چیک پوسٹ پر ہیڈ کانسٹیبل پراسرار طور پر فائرنگ سے ہلاک

تمبو (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چیک پوسٹ پر ہیڈ کانسٹیبل پراسرار طور پر فائرنگ سے ہلاک

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

سوراب کے مختلف علاقوں میں ٹڈی دل کے حملے تازہ کاشت کی جانے والی فصلیں تباہ، کسان پریشان

سوراب (آن لائن) سوراب کے مختلف علاقوں میں ٹڈی دل کے حملے تازہ کاشت کی جانے والی فصلیں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کینی بیکنڈل: اگر سوال ہے تو مجھے پوچھا جائے وزیراعظم سے نہیں، اسد عمر کا شاہد خاقان عباسی کو جواب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کو جواب

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر زکی رائے پر پارٹی نے شہباز شریف کو قومی اسمبلی اجلاس میں شرکت سے روکا، مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

ہمیں عوام کا حوصلہ بڑھانے اور احتیاطی تدبیر سے متعلق آگاہی پیدا کرنی ہے، شبلی فراز

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ عوام کی صحت کا تحفظ اولین ترجیح ہے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

بیرون ممالک پھنسے پاکستانیوں کی محفوظ وطن واپسی ہی حکومت کی ترجیح ہے، امریکہ میں پاکستانی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ میں پاکستانی سفیر اسد ایم خان نے کہا ہے کہ امریکہ میں 6 خصوصی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

اڑھائی روز ترمیم کے تحت صحت کا شعبہ صوبوں کے پاس ہے

وزیر خارجہ

آج سندھ کارڈ کی نہیں پاکستان کارڈ کی ضرورت ہے، ذوالفقار علی بھٹو اور بینظیر کی پیپلز پارٹی وفاق کی بات کرتی آج صوبائیت میں تبدیل ہوگئی ہے، ہمیں مل بیٹھ کر حل نکالنا ہوگا اور مشترکہ ایجنڈا بنانا ہوگا

ایران سے 5 ہزار سے زائد زائرین کو واپس بھیجنے کے لیے دروازہ کھول دیا اور پاکستان کی طرف دھکیل دیا، بہتری کی گنجائش موجود ہے، ہم اپنے وسائل کے مطابق بہتری کی کوشش کریں گے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے پاکستان پیپلز پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو اور بینظیر کی پیپلز پارٹی وفاق کی بات کرتی آج صوبائیت میں تبدیل ہوگئی ہے، وہ کی وجہ سے آج سندھ کارڈ کی نہیں، پاکستان کارڈ کی ضرورت ہے، ہمیں مل بیٹھ کر حل نکالنا ہوگا اور مشترکہ ایجنڈا بنانا ہوگا، پاکستان کی ٹیسٹنگ کی صلاحیت اس وقت تک ثانوی ایشیائی ممالک میں سب سے زیادہ ہے، پھر بھی برملا اعتراف کروں گا ٹیسٹ کرنے کی تعداد ناکافی ہے، اٹھارویں ترمیم کے تحت صحت کا شعبہ صوبوں کے پاس ہے، ایران سے 5 ہزار سے زائد زائرین کو

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

نیب کو سارک اینٹی کرپشن فورم کا سربراہ منتخب کرلیا گیا

نیب نہ صرف پاکستان بلکہ پورے سارک ممالک کے لیے رول ماڈل ہے، قومی احتساب بیورو

اسلام آباد (آن لائن) قومی احتساب بیورو (نیب) کو سارک اینٹی کرپشن فورم کا سربراہ منتخب کردیا گیا نیب ہیڈ کوارٹرز کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا کہ نیب نہ صرف پاکستان بلکہ پورے سارک ممالک کے لیے رول ماڈل ہے، سارک اینٹی کرپشن فورم میں نیب کو متفقہ طور پر چیئرمین منتخب کیا گیا جو نیب کی کوششوں کی وجہ سے پاکستان کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے، بیان میں مزید بتایا گیا کہ بھارت سمیت سارک ممالک نے نیب کی کارکردگی کو خوب سراہا، بیان کے مطابق نیب کی نمایاں کارکردگی کے پیش نظر فرانسیسی انٹرنیشنل پاکستان ورلڈ اکنامک فورم پلیٹ فارم اور مشال

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

2030 کے سال میں مسلمانوں کو رب کی مہربانی سے 30 کی بجائے 36 روزے رکھنے کا موقع ملے گا

2030 میں رمضان المبارک دو بار آئے گا، 5 جنوری 2030 کو 1451 ہجری کے رمضان المبارک کا آغاز ہوجائے گا

کراچی (این این آئی) اہل اسلام کے لیے ایک سعودی پروفیسر نے یہ خوش خبری بھرا انکشاف کیا ہے کہ 2030 کے سال میں مسلمانوں کو رب کی مہربانی سے 30 کی بجائے 36 روزے رکھنے کا موقع ملے گا۔ قسیم یونیورسٹی کے شعبہ موسمیات کی پروفیسر ڈاکٹر عبداللہ البسعد نے بتایا کہ بہت کم ایسا ہوتا ہے جب مسلمانوں کو کسی شمسی سال کے دوران 30 سے زیادہ روزے رکھنے کا موقع ملتا ہے۔ تاہم 2030 ایسا سال ہوگا جب عالم اسلام 30 کی بجائے 36 روزے رکھے گا۔ اس کی وجہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

حکومت اپنی رٹ قائم رکھنے میں ناکام ہوچکی ہے، جمال شاہ کاکڑ

ملک کو ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں کے حوالے کردیا گیا ہے عوام کی حالت دن بدن بدتر ہوتی جارہی ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود عوام کو اسکا ریلیف نہیں مل رہا، حکومت اپنی رٹ قائم رکھنے میں ناکام ہوچکی ہے ملک کو ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں کے حوالے کردیا گیا ہے عوام کی حالت دن بدن بدتر ہوتی جارہی ہے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی قیمتوں کو آگ لگ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صوبے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، اسد عمر

لاک ڈاؤن میں نرمی کے ابتدائی تین دن انتہائی اہم ہیں، صوبے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں

کووڈ۔ 19 کی روک تھام کیلئے حکومت کے اقدامات متاثر نہ ہوں، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات۔ خصوصی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات اسد عمر نے کہا کہ لاک ڈاؤن میں نرمی کے ابتدائی تین دن انتہائی اہم ہیں، صوبے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں تاکہ کووڈ۔19 کی روک تھام کیلئے حکومت کے اقدامات متاثر نہ ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو اہم اجلاس کے دوران کیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) میں صوبائی حکومتوں، شمال آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کی قیادت کی باہمی مشاورت سے کووڈ۔19 کے عدم پھیلاؤ اور حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے قومی کاوشیں تیزی سے جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات اسد عمر کی زیر صدارت اجلاس میں این سی او سی کے 9 مئی کے بعد کی صورتحال، صوبوں کا رمضان سے متعلق کانڈ اینڈ لائنز پر عملدرآمد، رمضان کے آخری عشرے کیلئے تیاریوں کا جائزہ اور کووڈ۔19 سے متعلق اعداد و شمار پر غور و خوض کیا گیا۔ صوبائی حکومتوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر تعلیم نے امتحانات سے متعلق طالب علموں کے خدشات کی وضاحت کردی

تمام بورڈز کے امتحانات منسوخ کردیئے جس میں کوئی الجھن نہیں ہے، 80 فیصد طالب علموں کو مسئلہ نہیں

نتائج میں بہتری کیلئے امتحانات کے خواہاں اور نجی اداروں کے طالب علموں کو پروموٹ کرنے کیلئے پالیسی بنائی جارہی ہے، شفقت محمود

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے طلبا کے امتحانات سے متعلق خدشات کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ کوئی الجھن نہیں، تمام بورڈز کے امتحانات منسوخ کردیئے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے تمام بورڈز کے امتحانات منسوخ کرنے کے بعد سے ہی مختلف تعلیمی تنظیموں کی جانب سے اس کو مسترد کردیا گیا۔ جبکہ یہ خبریں بھی سرگرم رہیں کہ امتحانات لینے پر غور کیا جارہا ہے۔ تاہم اب وفاقی وزیر شفقت محمود کی جانب سے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ایل او سی: بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ سے خاتون اسکول ٹیچر شہید

مظفر آباد (آن لائن) لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے اس پار سے بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ سے آزاد جموں و کشمیر کے ضلع پونچھ میں ایک خاتون اسکول ٹیچر شہید ہوگئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکام کا کہنا تھا کہ خاتون کی موت کے بعد رواں سال اب تک بلا اشتعال فائرنگ کے باعث جاں بحق والوں کی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ملک میں کورونا سے مزید 25 افراد جاں بحق تعداد 691 ہوگئی

آزاد کشمیر میں کورونا کے کیسز کی تعداد 86 ہے اور اب تک 64 افراد صحت یاب ہوچکے ہیں، 8212 مریض صحتیاب

آزاد کشمیر میں پہلی ہلاکت، نئے کیسز سامنے آنے سے مصدقہ مریضوں کی تعداد 31684 تک جا پہنچی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں کورونا وائرس سے مزید 25 افراد جاں بحق ہوگئے جس کے بعد ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 691 ہوگئی جبکہ نئے کیسز سامنے آنے سے مصدقہ مریضوں کی تعداد 31684 تک جا پہنچی ہے، 8212 مریض صحتیاب ہوگئے، نیشنل کمانڈ اینڈ سینٹر کے مطابق بیج کو ملک بھر سے کورونا کے 781 کیسز اور 25 ہلاکتیں بھی سامنے آئیں جن میں سندھ سے 537 کیسز 11 ہلاکتیں، خیبر پختونخوا سے 206 کیسز 12 ہلاکتیں، اسلام آباد 38 کیسز ایک ہلاکت اور آزاد کشمیر سے پہلی ہلاکت سامنے آئی ہے۔ سندھ میں کورونا کے مزید 537 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں اور 11 ہلاکتیں بھی سامنے آئیں جن کی تصدیق وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کی۔ مراد علی شاہ نے بتایا کہ صوبے میں نئے کیسز کے بعد کورونا کیسز مریضوں کی مجموعی تعداد 12017 اور

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ریلوے اسٹیشن کے ویٹنگ اسٹاز کی دوبارہ آکشن، 2 کروڑ 12 لاکھ 56 ہزار کی بولی دی

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویژن میں لاہور ریلوے اسٹیشن کے ویٹنگ اسٹاز کی دوبارہ آکشن ہوئی جس کے نتیجے میں 2 کروڑ 12 لاکھ 56 ہزار کی بولی دی گئی۔ یاد رہے کہ پہلے بھی لاہور ریلوے اسٹیشن کے ویٹنگ اسٹاز کی نیلامی کی گئی تھی جس میں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ایرانی فوج کی فرینڈلی فائرنگ، میزائل حملے میں اپنے 40 فوجی ہلاک کردیئے

مشقوں کے دوران کشتی کو کروز میزائل سے غلطی سے نشانہ بنایا گیا، 18 لاشیں نکال لی گئیں

تہران (این این آئی) خلیج عرب میں جاسک کے ساحل کے قریب تہوار کے روز مشقوں کے دوران ایرانی جنگی بیڑے سے غلطی سے ایک میزائل فائر کیا گیا جس کے نتیجے میں کم سے کم 40 ایرانی فوجی جن میں سینئر افسران شامل ہیں ہلاک ہوگئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اس وقت پیش آیا جب مشقوں کے دوران ایران کے جنگی بیڑے جہاز ان سے کنارک کشتی کو کروز میزائل سے غلطی سے نشانہ بنایا گیا۔ میزائل لگنے سے کشتی الٹ گئی اور اس پر سوار کم سے کم 40 فوجی ہلاک ہوگئے۔ ان

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

لاہور: لاک ڈاؤن میں نرمی کے بعد کاروبار کھلنے پر انارکلی بازار میں خریداری کیلئے آنے والوں کا رش لگا ہوا ہے

وطن کی دفاع کیلئے کسی بھی قربانی دریغ نہیں کرینگے، نور محمد دمڑ

ہرنائی کوئٹہ روڈ، ہرنائی سنجاوی لورالائی روڈ، ہرنائی تا سبی روڈ کو وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پیز میں شامل کرنے کیلئے کوشاں ہوں

آنے والے وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پیز میں حلقے کے دونوں اضلاع کے اہم منصوبے شامل کرنے کی کوشش کرونگا، صوبائی وزیر

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے رہنما، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ آنے والے وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پیز میں حلقے کے دونوں اضلاع کے اہم منصوبے شامل کرنے کی کوشش کرونگا زیارت کوئٹہ روڈ کو دو رویہ کرنے کا پہلے ہی وزیراعلیٰ بلوچستان اعلان کرچکے ہیں ہرنائی کوئٹہ روڈ، ہرنائی سنجاوی لورالائی روڈ، ہرنائی تا سبی روڈ کو وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پیز میں شامل کرنے کیلئے کوشاں ہوں بلوچستان کے لوگ محب وطن ہے جو کہ وطن کی دفاع کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع ہرنائی کے قبائلی معززین، زمینداران، وکلاء مائنرز اور،

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کورونا کے باعث پاکستان کو مزید قرضوں کی ضرورت ہے، مشیر خزانہ

رواں سال دسمبر میں شیڈول 1.8 ارب ڈالر کی قسط کے شیڈول کو دوبارہ سے مرتب کیا جارہا ہے

پاکستان کسی بھی کمرشل قرضوں کے شیڈول کو از سر نو مرتب کرنے کی درخواست نہیں کرے گا، کی جرمن اور فرانسیسی سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے بحران کے پیش نظر پاکستان کو مزید قرضوں کی ضرورت ہے اور رواں سال دسمبر میں شیڈول 1.8 ارب ڈالر کی قسط کے شیڈول کو دوبارہ سے مرتب کیا جارہا ہے۔ یہ کو جرمن سفیر اسٹیفن ہیگمیک نے فرانسیسی سفیر ڈاکٹر مارک بریٹی اور معاشی قونصلر ایلیس بوجیر کے ہمراہ وزیراعظم کے مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ سے خاص ڈیزین میں ملاقات کی۔ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے سفیروں کو خوش آمدید کہتے ہوئے انہیں کورونا وائرس کی بحرانی صورتحال کے ملک کی معاشی صورتحال اور اس کے مستقبل میں ملک کی معاشی صورتحال پر مرتب ہونے والے اثرات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وائرس کے پھیلاؤ سے قبل پاکستان اپنے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کرنے میں کامیاب ہوگیا تھا اور مثبت مالی نظم و ضبط کی بدولت مالی سال کے دوران شرح نمو میں 3 فیصد اضافہ متوقع تھا لیکن اب وائرس کے بعد شرح نمو اور ترقی کے اہداف کا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

چوبیس گھنٹوں میں مزید 28 افراد کورونا وائرس سے جاں بحق، مجموعی تعداد 667 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 28 افراد کورونا وائرس سے جاں بحق ہوگئے جس کے بعد مجموعی تعداد 667 ہوگئی ایک ہزار چار چھ ہزار نے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد مجموعی تعداد 30941 تک جا پہنچی، 8212 مریض صحت یاب ہوگئے۔ یہ کو کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان ایڈیٹرز کونسل کا اخبارات کو واجبات کی عدم ادائیگی پر تشویش کا اظہار

اے بی سی آفس کے مطابق کاروبار تشویشناک ہے، وائرس کی آڑ میں صرف اخبارات کی واجبات کی ادائیگی نہ کرنا تشویشناک عمل ہے

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان ہوا ہے نجی طور پر صورتحال کا نوٹس لیکر اخبارات کو واجبات کی ادائیگی یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھانے کا بیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ایڈیٹرز کونسل نے صوبے کے اخبارات کو واجبات کی عدم ادائیگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایمرجنسی کی صورتحال میں جہاں درجنوں اخباری ورکرز کورونا وائرس کا شکار ہوچکے ہیں تو وہی اخبارات کی اشاعت کا سلسلہ مسلسل سے جاری ہے مگر اس ایمرجنسی کی صورتحال میں اے بی سی جنرل آفس کے مطابق کاروبار خسارہ ناک ہے، وائرس کی آڑ میں صرف اخبارات کی واجبات کی ادائیگی نہ کرنا تشویشناک عمل ہے حالانکہ اسی صورتحال میں دیگر شعبوں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

حکومت کا بیرون ملک پھنسے پاکستانیوں کو واپس لانے کیلئے بڑا فیصلہ

ہفتہ میں 10 سے 11 ہزار پاکستانیوں کو وطن واپس لایا جاسکے گا، کورونا ٹیسٹ کیلئے 48 گھنٹے کی پابندی ختم

صوبائی حکومتیں صحت ماہرین کی ایڈوائس پر سیلف کوارنٹین کیلئے گھروں میں بھجوا سکیں گی، ڈاکٹر معید یوسف کی میڈیا کو بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت پاکستان نے بیرون ممالک میں پھنسے ہوئے پاکستانیوں کو واپس لانے کیلئے بڑا اور اہم فیصلہ کرتے ہوئے قرنطینہ سہولیات کے حوالہ پالیسی میں مزید لچک پیدا کردی ہے، بیرون ممالک سے آنے والے پاکستانیوں کو کورونا ٹیسٹ کیلئے 48 گھنٹے کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا، نئی پالیسی فوری طور پر نافذ العمل ہے، اس پالیسی کے تحت ہفتہ میں 10 سے 11 ہزار پاکستانیوں کو وطن واپس لایا جاسکے گا، وزیراعظم عمران خان کی واضح ہدایات ہیں کہ جلد از جلد اور زیادہ سے زیادہ پاکستانیوں کو وطن واپس لایا جائے، رواں ہفتے امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، افریقہ اور خلیجی ممالک سے مزید پاکستانیوں کو واپس لایا جائے گا، سیالکوٹ ایئرپورٹ اور کوئٹہ ایئرپورٹ کو بھی اس ضمن میں استعمال کیا جائے گا۔ یہ کو وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے قومی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو زرداری نے آج پھر ثابت کردیا کہ وہ وفاق کی علامت ہیں، سینیٹر مولا بخش چانڈیو

کراچی (این این آئی) سرکردہ تربیت اور سیکرٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی سینیٹر مولا بخش چانڈیو نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے آج پھر ثابت کردیا کہ وہ وفاق کی علامت ہیں۔ قومی اسمبلی میں کورونا جیسے معاملے پر وزیر خارجہ نے بہت ہی سطحی سوچ کا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

گھوڑا باری کے نزدیک سمندر میں بچی کو ڈوبنے سے بچانے کے لئے 3 خواتین اور ایک بچے نے سمندر میں چھلانگ لگادی

ٹھٹھہ (این این آئی) گھوڑا باری

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

12 مئی 2020ء

اب سندھ کارڈ نہیں پاکستان کارڈ چلے گا

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کہا ہے ہمیں مل بیٹھ کر حل نکالنا ہوگا اور مشترکہ ایجنڈا بنانا ہوگا، پاکستان کی ٹیسٹنگ کی صلاحیت اس وقت تک جنوبی ایشیائی ممالک میں سب سے زیادہ ہے، پھر بھی برملا اعتراف کروں گا ٹیسٹ کرنے کی تعداد ناکافی ہے، اٹھارویں ترمیم کے تحت صحت کا شعبہ صوبوں کے پاس ہے، ایران سے 5 ہزار سے زائد زائرین کو واپس بھیجنے کے لیے دروازہ کھول دیا اور پاکستان کی طرف دھکیل دیا، بہتری کی گنجائش موجود ہے، ہم اپنے وسائل کے مطابق بہتری کی کوشش کریں گے حکومت نے فیصلہ کیا کہ کورونا وائرس پر یک نکاتی ایجنڈے پر قومی اسمبلی کا فیصلہ کیا اور اپوزیشن کے مطالبے کو تسلیم کیا کورونا وائرس کا چیلنج مشکل ہے اور حقیقت ہے کہ جنگ عظیم سے بھی زیادہ بلائیں ہوئی ہیں۔ اس کا علاج ویکسین کی صورت میں سامنے نہیں آتا اس وقت تک مختلف تجربوں سے اس کو محدود کرنے کی ہم بھی کوشش کر رہے ہیں لیکن خیال ظاہر کیا جا رہا ہے کہ دو سال لگیں گے پیپلز پارٹی سے وفاق کی خوشبو آتی تھی لیکن اب صوبائی تعصب کی بو دیکھتا ہوں تو تشویش ہوتی ہے، اور اس پر ہمیں نظر ثانی کرنی ہوگی۔ وقت آگیا ہے اور یہ وبا تقاضا کرتا ہے کہ آج نیشنل اور پاکستان کارڈ ہے اور سندھ کارڈ کی آج ضرورت نہیں ہے، آج پاکستان کارڈ کی ضرورت ہے جس کو سامنے رکھ کر ہم آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ اس وقت 209 ملک اس وائرس سے متاثر ہو چکے ہیں جبکہ 40 لاکھ افراد متاثر جبکہ 2 لاکھ 80 ہزار 700 افراد وائرس کے باعث ہلاک ہو چکے ہیں امریکا جس کا نظام صحت بہت جدید ہے اس کی صورتحال یہ ہے کہ وہاں 80 ہزار سے زائد اموات ہو چکی ہیں جبکہ برطانیہ میں 31 اور اٹلی میں 30 ہزار سے زائد اموات ہو چکی ہیں اگر اس کا موازنہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک سے کریں، جہاں نظام صحت بھی کمزور ہے، تاہم یہاں صورتحال یہ ہے کہ 10 مئی تک 661 اموات ہوئی ہیں اور 29 ہزار سے کچھ زیادہ مثبت کیسز ہیں جبکہ 8 ہزار 23 لوگ اس سے صحتیاب بھی ہوئے ہیں۔

تعلیم کی ضرورت واہمیت

ابوبکر دانش میروانی

تعلیم ہر انسان چاہے وہ امیر ہو یا غریب، مرد ہو یا عورت کی بنیادی ضرورت میں سے ایک ہے یہ انسان کا حق ہے جو کوئی اسے نہیں چھین سکتا اگر دیکھا جائے تو انسان اور حیوان میں فرق تعلیم ہی کی بدولت ہیں تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کے لئے ترقی کی ضامن ہے یہی تعلیم قوموں کی ترقی اور زوال کی وجہ بنتی ہے تعلیم حاصل کرنے کا مطلب صرف سکول، کالج یونیورسٹی سے کوئی ڈگری لینا نہیں بلکہ اسکے ساتھ تعمیر اور تہذیب سیکھنا بھی شامل ہے تاکہ انسان اپنی معاشرتی روایات اور اقدار کا خیال رکھ سکے۔ تعلیم وہ زیور ہے جو انسان کا کردار سنوارتی ہے دنیا میں اگر ہر چیز دیکھی جائے تو وہ باقی سے مختلف ہے مگر تعلیم ایک ایسی دولت ہے جو باقی سے مختلف نہیں بلکہ بڑھ جاتی ہے اور انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ تعلیم کی وجہ سے دیا گیا ہے تعلیم حاصل کرنا ہر مذہب میں جائز ہے اسلام میں تعلیم حاصل کرنا فرض کیا گیا ہے آج کے اس پر آشوب اور تے زترین دور میں تعلیم کی ضرورت بہت اہمیت کا حامل ہے چاہے زمانہ کتنا ہی ترقی کرلے۔ حالانکہ آج کا دور کمپیوٹر کا دور ہے اسی ترقی کا دور ہے سائنس اور صنعتی ترقی کا دور ہے مگر اسکولوں میں بنیادی عصری تعلیم ٹیکنیکل تعلیم، انجینئرنگ، وکالت، ڈاکٹری اور مختلف جدید علوم حاصل کرنا آج کے دور کا لازمی تقاضہ ہے جدید علوم تو ضروری ہیں ہی اسکے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کی بھی اپنی جگہ اہمیت ہے اس کے ساتھ ساتھ انسان کو انسانیت سے دوستی کے لئے اخلاقی تعلیم بھی بے حد ضروری ہے اسی تعلیم کی وجہ سے زندگی میں خدا پرستی، عبادت، محبت خلوص، ایثار، خدمت خلق، وفاداری اور ہمدردی کے جذبات بیدار ہوتے ہیں اخلاقی تعلیم کی وجہ سے صالح اور نیک معاشرہ کی تشکیل ہوتی ہے تعلیم کی اولین مقصد ہمیشہ انسان کی ذہنی، جسمانی اور روحانی نشوونما کرنا ہے تعلیم حصول کے لئے قابل اساتذہ بھی بے حد ضروری ہیں جو بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مدد فراہم کرتے ہیں استاد وہ نہیں جو محض چار کتابیں پڑھا کر اور کچھ کاسمیٹ لے کر اپنے فرائض سے مبرا ہو جائے بلکہ استاد وہ ہے جو طلب وطالبات کی خفیہ صلاحیتوں کو بیدار کرتا ہے اور انہیں شعور وادراک، علم وآگہی نیز فکر ونظر کی دولت سے اپنے شاگرد کو مالا مال کرتا ہے جن اساتذہ نے اپنی اس ذمہ داری کو بہتر طریقے سے پورا کیا ان کی شاگرد آخری سانس تک ان کے احسان مند رہتے ہیں اس تناظر میں اگر آج کے حالات کا جائزہ لیا جائے تو محسوس ہوگا کہ پیشہ تدریس کو آلودہ کر دیا گیا ہے محکمہ تعلیمات اور اسکول انتظامیہ اور معاشرہ بھی ان چار کتابوں پر قانع ہو گئے کل تک حصول علم کا مقصد تعمیر انسانی تھا آج نمبرات اور مارک شیٹ پر ہے آج کی تعلیم صرف اسلیئے حاصل کی جاتی ہے تاکہ اچھی نوکری مل سکے یہ بات کتنی حد تک سچ ہے اسکا اندازہ آج کل کی تعلیمی ماحول سے لگایا جا سکتا ہے جیسے بچوں کا صرف امتحان میں پاس ہونے کی حد تک اسباق کا رٹہ ہے بدقسمتی اس بات کی بھی ہے کچھ ایسے عناصر بھی تعلیم کے دشمن ہوئے ہیں جو اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے ہمارے تعلیمی نظم کے درمیان ایسی کشمکش کا آغاز کر رکھا ہے جس نے رسوائی کے علاقہ شاید ہی کچھ عنایت کیا ہو مگر پھر بھی جس طرح بیرونی دنیا کے لوگ تعلیم کی اہمیت کو سمجھتے ہیں اسطرح مسلمان بھی کبھی جدید تعلیم سے دور نہیں رہے بلکہ جدید زمانے کے جتنے بھی علوم ہیں زیادہ تر کے بانی مسلمان ہی ہیں اسلامی تاریخ گواہ ہے کہ مسلمانوں نے تعلیم وتربیت میں معراج پا کر دین ودنیا میں سربلندی اور ترقی حاصل کی لیکن جب بھی مسلمان علم اور تعلیم سے دور ہوئے وہ غلام بنا لیئے گئے یا پھر جب بھی انہوں نے تعلیم کے مواقعوں سے خود کو محروم کیا وہ بحیثیت قوم اپنی شناخت کھو بیٹھے آج پاکستان میں تعلیم ادارے دہشت گردی کے نشانہ پر ہے دشمن طاقتیں تعلیم کی طرف سے بدگمان کر کے ملک کو کمزور کرنے کے درپے ہیں ایسے عناصر بھی ملک میں موجود ہے جو اپنی سرداری، بدچلنی، سہاگیرداری کو استعمال کرتے ہوئے اپنے مفادات کی وجہ سے اپنے اثر ورسوخ والے علاقوں میں بچوں کی تعلیم میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں جسکی وجہ سے اکثر بچے تعلیم حاصل کرنے سے محروم رہ جاتے ہیں اور ان کا مستقبل سیاہ رہ جاتا ہے اور اسی وجہ سے ہمارے نوجوان طبقہ تعلیم کی ریس میں پیچھے رہ جاتی ہے مغرب کی ترقی کا راز صرف تعلیم کو اہمیت دینا اور تعلیم حاصل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرنا ہے اور ایسی تعلیم کے بل پر انہوں نے فتح کیا ہے مغرب کی کامیابی اور مشرق کے زوال کی وجہ بھی تعلیم کا نہ ہونا ہے دنیا کے وہ ملک جن کی معیشت تباہ ہو چکی ہے جو دنیا کی بڑی طاقتوں پر depand کرتے ہیں ان کا defense بہت تو اربوں روپے کا ہے مگر تعلیم بہت نہ ہونے کے برابر ہے، اگر کوئی بھی ملک چاہتا ہے کہ وہ ترقی کرے تو ان کو چاہیے کہ وہ اپنی تعلیمی اداروں کو مضبوط کریں آج تک جن قوموں نے ترقی کی ہے وہ صرف علم کی بدولت کی ہے علم کی اہمیت سے صرف نظر کرنا ممکن نہیں۔ زمانہ قدیم سے دور حاضر تک ہر متمدن و مہذب معاشرہ علم کی اہمیت سے واقف ہے فطرت بشری سے مطابقت کی بنا پر اسلام نے بھی علم حاصل کرنے کی حوصلہ افزائی کی ہے اس کے ابتدائی آثار ہمیں اسلام کے عہد مبارک میں ملتے ہیں چنانچہ غزوہ بدر کے قیدیوں کی رہائی کے لئے فدیہ کی رقم مقرر کی گئی تھی ان میں سے جو نادار تھے وہ بلا معاوضہ ہی چھوڑ دیئے گئے لیکن جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے انہیں حکم ہوا کہ دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں تو چھوڑ دیئے جائیں گے۔ چنانچہ سیدنا زید بن ثابتؓ نے جو کاتب وحی تھے ایسی طرح لکھنا سیکھا تھا اسی بات سے ہم اندازہ لگا سکتے ہے کہ تعلیم کی کیا اہمیت ہے اور ان کا حصول کتنی ضروری ہے۔ جو لوگ معاشرے میں تعلیم حاصل کرتے ہوں وہ دنیا ہو یا دنیا ہی اس انسان کا معاشرہ کے اندر اور اپنے گھر کے اندر ایک الگ مقام ہوتا ہے ایک نوجوان بچے کا قدر بزرگ لوگ صرف تعلیم کی وجہ سے کرتے ہے تو ہمیں چاہیے کہ تعلیم حاصل کریں اور اس کا صحیح استعمال کریں اور اگر ایسا ممکن ہوا تو وہ دن دور نہیں کہ ہم دنیا کے ان ملکوں میں شمار ہونا شروع ہو جائے گا جو جدید علوم سے آگاہی رکھتے ہیں۔

عالمِ انسانیت کرونا وائرس اور عالمی سازشوں کے شکنجے میں

محمد اعظم عظیم اعظم

دنیا سمیت وطن عزیز میں بھی کرونا وبا کے باعث سازشوں کا گورکھ دھندا آسمان کی بلندیوں کو چھونے کو ہے، مگر ایسے میں پھر بھی وزیر اعظم نے 9 مئی سے سماجی رابطے میں مناسب فاصلے کے ساتھ تمام تر ضروری احتیاطی تدابیر کے ساتھ مرحلہ وار لاک ڈاؤن کھولنے کا اصولی فیصلہ کر لیا ہے۔ یقیناً اس کے بہت جلد مثبت نتائج سامنے آئیں گے، حکومت نے چھوٹی مارکیٹیں اور دکانوں کو کھولنے کا اعلان کر دیا ہے۔ جو فجر سے شام پانچ بجے تک کھلا کریں گیں۔ اور ہفتے میں دو دن بند ہوا کریں گیں۔ اس سے جہاں چھوٹے کاروباری افراد فائدہ اٹھا سکیں گے؛ تو وہیں دو ماہ سے پریشان حال خریداروں کو بھی شکھ کا سانس نصیب ہوگا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ وزیر اعظم عمران خان کے اس فیصلے پر بالخصوص سندھی صوبہ سندھ اور بالعموم دیگر صوبے کتنا عمل کرتے ہیں؟ ایسا لگتا ہے کہ وفاق سے لاک ڈاؤن میں مرحلہ وار نرمی کے اعلان کے ساتھ ہی سندھ حکومت کے پیٹ میں خورسانہ تحفظات لئے مروڑ اٹھ رہے ہیں۔ جس کی آہستہ آہستہ آوازیں آنے شروع ہو گئیں ہیں۔ سندھ حکومت نہیں چاہتی ہے کہ اس کے کرونا وبا سے ہونے والے لاک ڈاؤن سے سیاسی، ذاتی، معاشی اور اقتصادی فائدے حاصل ہونے تک صوبے سے لاک ڈاؤن ختم کیا جائے۔ اس لئے سندھ حکومت کرونا وائرس پر سیاسی پہاڑ کھڑے کر کے اپنا سیاسی قد اپنی ایڑیوں پر اونچا کرنا چاہتی ہے، اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد سندھ حکومت کی یہی کوشش ہے کہ وفاق کی دی ہوئی کسی بھی گائیڈ لائین پر ہرگز نہ چلا جائے۔ اگر یہ اس پر چل پڑے گی۔ تو پھر وفاق سے صوبوں کی خودمختاری کا معاملہ کھٹائی میں ہی رہے گا؟ اس بنا پر سندھ حکومت وفاق کی اچھی بات اور مشورہ ماننے کو کسی بھی صورت میں تیار نہیں ہے۔ دیکھتے ہیں کہ سندھ حکومت اپنی انا اور ضد پر قائم رہ کر صوبے کے عوام کا کتنا نقصان کرتی ہے؟ اس کے لئے سندھ کے عوام اور بالخصوص کراچی کے شہریوں اور ہر طبقے سے تعلق رکھنے والوں کو تیار رہنا ہوگا۔ ادھر کرونا آفت کو اپنی سازشوں کے لئے استعمال کرنے والوں امریکا، اسرائیل اور بھارت جیسے سازشی شیطان ممالک نے ایک بار پھر دنیا کو دھمکی آمیز انداز سے ڈرا دیا ہے کہ "لاک ڈاؤن میں نرمی، وائرس کی دوسری لہر کتنی خطرناک ہوگی؟" اس کے کتنے بھیانک نتائج نکلیں گے؟ اس کے لئے بھی لاک ڈاؤن میں نرمی کرنے والوں کو ضرور سوچنا ہوگا؟ اب کچھ بھی ہے ہمارے وزیر اعظم عمران خان نے آج جب اللہ کا نام لے کر سلیقہ پیش افراد کے ساتھ ہمدردی کرتے ہوئے نومئی سے لاک ڈاؤن میں نرمی کرنے کا اعلان کر دیا ہے؛ تو پھر بس یہ اس پر قائم رہیں۔ اللہ کی مدد شامل حال رہی گی؛ اور ایسا کچھ نہیں ہوگا جس کا اندرونی اور بیرونی سازشی عناصر دھمکی آمیز انداز سے خدشہ دے رہے ہیں۔ بہرکیف، ایک طرف دنیا میں کرونا وائرس کا طوفان تباہی پھیلا رہا ہے۔ تو وہیں اموات کا نہ رکنے والا سلسلہ بھی عروج پر پہنچ رہا ہے۔ لاک ڈاؤن سے بے حال خاتونترین ممالک کی معیشت بھی زمین کی دھول چاٹنے کو ہے۔ جب کہ معاشی اور اقتصادی لحاظ سے دنیا کے پاکستان جیسے دیگر کمزور اور بدحال ممالک کی حالت اور مریضوں کی تیزی سے بڑھتی تعداد بھی سب کے سامنے ہے۔ ایسے میں کرونا وائرس کی دوا تیار کرنے کے بڑے بڑے دعوے تو سب ہی کر رہے ہیں۔ مگر عملی طور پر ابھی تک نتیجہ صفر در صفر ہے۔ جب کہ آج جہاں کرونا آفت سے پریشان حال عالم انسانیت اپنی بقاء اور سلامتی کے لئے پناہ کی تلاش میں ہے؛ تو وہیں برطانوی اخبار کی اس خبر نے بہت سوں کے دماغ پر ضرور اتھوڑے برسا دیئے ہوں گے کہ "امریکی ریاست ہنسلوانیا کے شہر نس برگ میں کرونا وائرس کے علاج میں بریک تھرو کے قریب پہنچنے کا دعویٰ کرنے والے چائنیز 37 برس کے محقق سائنسدان ڈاکٹر لی یو کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ جن کی لاش ان کے گھر سے برآمد ہوئی۔ جن کی ہلاکت سر اور جسم کے مختلف حصوں پر گولیاں لگنے کی وجہ سے ہوئی؛ رپورٹ کے مطابق ان کے گھر کے قریب سے ایک 46 سالہ شخص باؤ کو کی لاش بھی ملی ہے۔ جس کے بارے میں پولیس والوں کا کہنا ہے کہ باؤ کو نے خود کو گولی مار کر زخمی کر دیا جس سے اس کی ہلاکت ہوئی، ساتھ ہی پولیس کا یہ بھی دعویٰ اپنے اندر بہت سے سوالات کو جنم دے رہا ہے کہ "دونوں افراد ایک دوسرے کو جانتے تھے۔" نہ صرف یہ بلکہ پولیس کا قوی دعویٰ یہ بھی ہے کہ "تحقیقات سے ایسا لگتا ہے کہ جس شخص کی لاش گھر کے باہر سے برآمد ہوئی، اس نے چائنیز سائنسدان ڈاکٹر لی یو کا قتل کرنے کے بعد واپسی پر خودکشی کر لی" مزید براں یہ کہ راس ٹاؤن شپ کے تحقیقات کار (ڈیٹیکٹیو) برائن کولپ نے اخبار نویسوں کو بتایا کہ فی الوقت کچھ بھی یقین سے نہیں کہا جا سکتا ہے کہ اس واقع کے درپردہ کیا عوامل کارفرما تھے؟ میں یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس قتل کے پیچھے کون سے عوامل کارفرما ہیں؟ اس کی بھی تحقیقات ضرور کی جانی چاہیئے تاکہ عالم انسانیت کو کرونا وائرس اور عالمی سازشوں کے شکنجے میں جکڑنے والے عناصر کا چہرہ بھی بے نقاب کیا جا سکے۔ جو کرونا وائرس کو وبا کی شکل دے کر دنیا کے انسانوں کو لاک ڈاؤن اور موت سے خوفزدہ کر کے اپنے گھناؤنے مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ آج عالم انسانیت کرونا وائرس اور عالمی سازشوں کے شکنجے میں جکڑی جا چکی ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ کرونا وبا نے دنیا تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہی ہے۔ ابھی تک اس وبا سے ہوئے احتیاطی تدابیر اور سوشل رابطے سے دوری اختیار کرنے کے کوئی دوسرا علاج دریافت نہیں کیا جا سکا ہے۔ یا حیرت انگیز طور پر کوئی اس کے علاوہ کسی دوا یا ویکسین تیار کرنے کو راضی ہی نہیں ہے۔ اس کے برعکس دکھاوے کی کوششیں سب کر رہے ہیں۔ مگر نتیجہ کی سے کوئی بھی کرونا وائرس کی دوا بنانے کو تیار نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ اس وبا کے درپردہ عالمی سازشی عناصر کارفرما ہیں۔ جو ابھی تک یہ نہیں چاہتے ہیں کہ اس خرلے ذکام کھانسی بخار کی معمولی بیماری یا وبا کی فی الفور دوا یا ویکسین تیار کر کے عالم انسانیت کو خوف کے عالم سے نکالا جائے اور دنیا میں جاری لاک ڈاؤن کے سلسلے کو ختم کیا جائے۔ کرونا وائرس کے پیش نظر مہنگی کوشش دنیا بھر میں اس کے پروپیگنڈے کے لئے کی جا رہی ہے۔ آج اگر اس وبا اور آزمائش کے خاتمے کے لئے مشترکہ کاوشیں کی جاتیں تو ممکن تھا کہ اب تک اس وبا سے چھٹکارہ پایا جا سکتا تھا۔ مگر چوں کہ یہ خود ساختہ پیدا کردہ وبا ہے۔ جسے خاتونترین ممالک کمزور ریاستوں کے نظام کو اپنے زیر اثر کرنے اور دنیا کا معاشی اقتصادی، سماجی، اخلاقی اور دینی نظام کو اپنی مرضی منشا کے مطابق چلانے کے لئے کرونا وائرس کا شوشہ استعمال کر کے ایسی جدید لیکنا نوعی متعارف کرنا چاہتے ہیں۔ جس سے دنیا کا کوئی فرد نہیں بچ سکے گا۔ دنیا کے خاتونترین ممالک امریکا، یورپ، اسرائیل اور بھارت جیسے دیگر انسانیت بیزار اور انسانوں کے دشمن شیطان کے چیلے چانٹوں کی ایک یہی خواہش عظیم ہے کہ کوئی ایسا نظام دنیا میں متعارف کرایا جائے۔ جس سے دنیا پر بوجھ بنے غریبوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا جائے تاکہ دنیا میں امیروں کی حکمرانی اور دادا گیری قائم رہے کیا دنیا پر یک سکہ یک نظام اور ایک حکمرانی کی عالمی سازش ہے؟ (ختم شد)

دنیا کے مشہور کنوارے لوگ (غیر شادی شدہ شخصیات)

خواب اور خیال/ آغا نیاز مگسی

دروازہ کھلا ہے کہ کوئی لوٹ نہ جائے
اور اس کے لیئے جو کبھی آیا نہ گیا ہو
اطہر نفیس کے اس شعر میں دنیا بھر کا درد سمویا ہوا ہے اور یہ ان شخصیات کے دلی جذبات کی بھرپور ترجمانی کر رہا ہے کہ ہزار چاہنے کے باوجود شادی کے فطری عمل سے محروم رہی ہیں جبکہ ایک اور شعر اس کے بالکل برعکس ہے جو ایسی شخصیات کی ترجمانی کر رہا ہے جو انا اور ضد میں آ کر شادی نہ کرنے کے اپنے فیصلے پر زندگی بھر ثابت قدمی کے ساتھ قائم رہی ہیں۔

دنیا کی ایسی بہت سی نامور مرد وخواتین شخصیات ہیں جنہوں نے شہرت، دولت، صحت اور طاقت واختیار رکھنے کے باوجود تجرد کی زندگی گزار دی اور گزار رہی ہیں۔ یعنی ان شخصیات نے عمر بھر شادی نہیں کی۔ ظاہر ہے کہ ان کی شادی نہ کرنے کا بھی ان کے پاس کوئی جواز ضرور ہوگا۔ کسی نے مجبوری کے باعث شادی نہیں کی تو کسی نے اپنی خوشی سے بھی شادی نہیں کی ہوگی۔ آج اس کالم میں دنیا بھر سے بہت سی نامور شخصیات کے بارے میں احوال زیر قلم لایا جا رہا ہے امید ہے کہ قارئین ایسی دلچسپ معلومات کو ضرور پسند فرمائیں گے۔

نوبل امن ایوارڈ کو دنیا بھر میں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے جس کے بانی الفریڈ نوبل ہیں انہوں نے بھی زندگی بھر شادی نہیں کی۔ ان کی شادی نہ کرنے کا پس منظر یہ ہے کہ برقرادان سٹرنا می ایک خاتون ناول نگار کا "Surrender" ہتھیار رکھ دو" کے نام سے ایک ناول الفریڈ نوبل کو بہت پسند آیا جس سے ان کے ذہن میں یہ خیال آیا کہ امن کیلئے جدوجہد کرنے والوں کو خصوصی ایوارڈ سے دے کر ان کی جدوجہد اور خدمات کا اعتراف کیا جائے اور بعد ازاں خود ناول نگار بھی ان کو بہت پسند آ گئی۔ انہوں نے ان سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا لیکن برقرادان نے شادی کرنے سے انکار کر دیا۔ جس پر الفریڈ نوبل نے زندگی بھر شادی نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اتفاق یہ ہوا کہ جب الفریڈ کے انتقال کے بعد 1905 میں دنیا کی جس پہلی خاتون لکھاری کو نوبل انعام دیا گیا وہ وہی برقرادان تھی اور ان کو اسی ناول پر یہ تاریخی اہمیت کا حامل ایوارڈ دیا گیا۔

ایک وقت تھا جب دنیا پر برطانیہ کے اقتدار کی حدود میں سورج غروب نہیں ہوتا تھا اسی برطانیہ کی پہلی ملکہ الزبتھ اول نے بھی شادی نہیں کی اور تجرد کی زندگی گزار دی۔ وہ 1557 میں برطانیہ کے بادشاہ ہنری ہشتم کے انتقال کے بعد ملکہ منتخب ہوئی تھیں وہ بہت باصلاحیت حکمران ثابت ہوئیں ان کے دور میں برطانیہ کو بہت سی تاریخی کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ امریکہ کے صدر جمہوریہ ٹرن نے بھی شادی نہیں کی۔ نوبل انعام یافتہ عالمی شہرت یافتہ سماجی کارکن مدر ٹریسا نے بھی شادی نہیں کی وہ یوگوسلاویہ میں پیدا ہوئیں انسانی خدمت کی غرض سے بھارت پہنچ گئیں اور یہیں انسانیت کی خدمت میں اتنی مگن ہو گئیں کہ شادی تک کی فرصت بھی نہ مل سکی۔ جرمنی کی ایک پری پیکر دوشیزہ ڈاکٹر روتھ پلاؤ نے کراچی پاکستان میں جذام کے مریضوں کی خدمت اور علاج کے لیئے خود کو وقف کر دیا اور یہیں پر انتقال کر گئیں۔

مشہور شاعر ساحر لدھیانوی کے بارے میں پہلے بیان کر چکا ہوں کہ وہ بھی جیون ساتھی سے محروم رہے۔ ہندوستان کی 2 عالمی شہرت یافتہ گلوکارائیں لتا منگیشکر اور ثریا نے بھی شادی نہیں کی۔ لتا کے شادی نہ کرنے کی ایک وجہ ساحر لدھیانوی سے محبت اور اس کی طرف سے سرد مہری کے باعث دل برداشتہ ہو کر زندگی بھر شادی نہ کرنے کا فیصلہ قرار دیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ساحر لدھیانوی کی زندگی میں 4 ایسی خواتین آئیں جنہوں نے ان سے دل ہار کر شادی کی خواہش کا اظہار کیا جن میں ایک تو امرتا پریتم تھیں دوسری ساحر کے کالج کی لڑکی ایشر تھی جو اپنے گھر سے بھاگ کر شادی کی غرض سے ساحر کے پاس آ گئیں لیکن ساحر نے اسے جواب دے دیا تھا۔ ایک اور خاتون اور مشہور گلوکارہ سدھا ملہوترا نے بھی ساحر سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا لیکن اس کو بھی ساحر سے مایوس ہونا پڑا۔ ثریا کو ہندوستان کی انتہائی خوبصورت گلوکارہ اور اداکارہ مانا جاتا ہے اس نے بھی شادی نہیں کی اس کی وجہ بھارتی اداکار دیو آنند کی بیوفائی تھی دونوں نے شادی کرنے کا فیصلہ کیا تھا مگر ثریا کے والدین کی جانب سے انکار پر دیو آنند نے ایک اور اداکارہ کلپنا کارتک سے شادی کر لی جو کہ لاہور کے ایک معزز بیورو کریٹ مسٹر سنگھا کی آزاد خیال بیٹی تھی جبکہ ثریا نے آنند سے کہا تھا کہ آپ کچھ عرصہ انتظار کریں جب حالات سازگار ہو جائیں تو شادی کر لیں گے مگر دیو آنند نے جلد بازی کا مظاہرہ کیا جبکہ ثریا نے اس کے علاوہ کسی اور سے شادی نہ کرنے کا وعدہ نبھاتے ہوئے زندگی تنہا گزار دی حالانکہ بھارت کے سپر اسٹار دلیپ کمار نے ثریا کی قربت حاصل کرنے کی بہت کوشش کی مگر ثریا نے ان کو بھی نظر انداز کر دیا۔

بابائے اردو مولوی عبدالحق نے اردو زبان کی ترقی اور فروغ کیلئے اپنی زندگی وقف کر دی 200 کے لگ بھگ کتابیں لکھیں جس کی وجہ سے شادی کیلئے وقت نہیں نکال سکے اور شادی کے بغیر زندگی گزار دی۔ شادی نہ کرنے والوں میں ایک مشہور اور خوبصورت شاعرہ اطہر نفیس بھی شامل ہیں۔ دوبارہ دری کی ایک خوبصورت ہندو دوشیزہ شوبھا کے عشق میں مبتلا ہو گئے تھے جو اطہر سے عمر میں 3 سال بڑی تھی۔ قیام پاکستان کے بعد اطہر نفیس کراچی پاکستان منتقل ہو گئے تھے یہاں سے 20 سال بعد اپنی محبوبہ کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے بھارت گئے تھے خوش قسمتی سے ان کا دیدار ہو گیا اطہر نفیس کراچی میں شوبھا کی ایک ہم شکل خوب صورت شاعرہ پر فریفتہ ہو گئے دونوں کے درمیان وعدے وعید ہوئے مگر یہاں بھی قسمت نے اطہر نفیس کا ساتھ نہیں دیا شاعرہ صاحبہ کی شادی کسی اور سے ہو گئی جس کے بعد اطہر کا دل ٹوٹ گیا اور زندگی بھر شادی نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا اور یونہی تجرد اور تنہائی کی زندگی گزار دی۔

بابائے قوم بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ہمشیرہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح نے اپنے بھائی کی مدد اور خدمت کی غرض سے اور پاکستان کے استحکام کے لیے عمر بھر شادی نہیں کی وہ پاکستان کی پہلی لیڈی ڈینٹیل ڈاکٹر بھی تھیں۔ دنیا کی پہلی لیڈی ڈاکٹر الزبتھ بلیک ویل نے بھی شادی نہیں کی وہ 3 فروری 1821 کو برطانیہ کے برسٹل میں پیدا ہوئیں اور امریکہ میں ڈاکٹر بنیں انہوں نے امریکہ میں پہلی وومن ہسپتال بنائی اور برطانیہ میں خواتین کے لئے پہلا وومن میڈیکل کالج کا قیام عمل میں لایا۔ ایک بار ان کا دل ایک ڈاکٹر کیلئے دھڑکا مگر خواتین کی طبی خدمات میں اتنی مگن ہو گئیں کہ شادی کی فرصت ہی نہ مل سکی اور 31 مئی 1910 کو شادی کیئے بغیر برطانیہ میں انتقال کر گئیں۔ شادی نہ کرنے والی مشہور شخصیات میں بھارت کے سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی اور موجودہ وزیر اعظم نریندرا مودی، جرمنی کے فلسفی آرتھر شوپن ہار، برطانیہ کے مشہور سائنسدان، ریاضی دان، اور ماہر طبیعیات سر آئزک نیوٹن، عالمی شہرت یافتہ اطالوی خاتون ماہر تعلیم میریا مونٹی سوری، جنوبی افریقہ کے سیاسی رہنما سیل رہوڈز، ممتاز امریکی سماجی کارکن ایڈمز، برطانوی ادیب اور نقاد چارلس لیم بھی شامل ہیں۔ شادی نہ کرنے والی شخصیات میں بلوچستان کے سابق گورنر، سابق ڈپٹی چیئرمین سینٹ اور موجودہ رکن صوبائی اسمبلی سید فضل آغا بھی شامل ہیں یہ ان کا بڑا پن ہے کہ مجھے اپنا چھوٹا بھائی کہتے ہیں ورنہ میرے اور ان کے درمیان "تو کیا من کیا" والا معاملہ ہے۔ یہ متاثر کن اور مہربان شخصیت کے مالک ہیں۔

شادی نہ کرنے والی شخصیات میں بلوچستان کے عظیم سیاسی رہنما، ادیب، شاعر، صحافی اور مگسی قبیلے کے سربراہ نواب یوسف عزیز مگسی بھی شامل ہیں۔ یہ بلوچ قومی تحریک ودیگر سیاسی، سماجی، ادبی اور علمی سرگرمیوں میں اتنے مصروف رہے کہ ابھی شادی بھی نہیں کی تھی کہ 31 مئی 1935 کے کوئٹہ کے ہولناک زلزلے میں صرف 27 سال کی عمر جاں بحق ہو گئے ان کی خداداد صلاحیتوں کا اس بات سے بھی بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ برصغیر کے عظیم اور انقلابی ادیب، شاعر اور صحافی مولانا ظفر علی خان نے ان کی تعریف اور توصیف میں اشعار کہے ملاحظہ ہو

تم کو غنی عزیز ہے ہم کو علی عزیز
عارض کا گل کہیں ہمیں دل کی کلی عزیز

لفظ بلوچ صرف وفا کا کلام ہے
معنی ہیں اس کلام کے یوسف علی عزیز

نواب یوسف عزیز مگسی کی شہادت سے بلوچستان اور بلوچ قوم کا بہت بڑا اور ناقابل تلافی نقصان ہوا۔ ان کی شہادت کے بعد ان کے چھوٹے بھائی نواب محبوب علی خان مگسی کو قبیلے کا سردار منتخب کیا گیا۔ بلوچستان کے سابق گورنر وسابق وزیر اعلیٰ اور مگسی قبیلے کے موجودہ سردار نواب ذوالفقار علی خان مگسی نواب محبوب علی خان مگسی کے پوتے اور نواب سیف اللہ خان مگسی شہید کے صاحبزادے ہیں۔ بلوچستان کی ایک مشہور شخصیت محترمہ راحیلہ درانی نے بھی تاحال شادی نہیں کی ہے۔ وہ بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کی پہلی خاتون اسپیکر کا اعزاز حاصل کر چکی ہیں یہ بہت باوقار، سنجیدہ، بردبار اور متاثر کن شخصیت کی مالک ہیں۔ وہ اپنی بڑی بہن اور رہائر ڈائریکٹر کالجز بلوچستان محترمہ ربابہ درانی کے ساتھ مقیم ہیں یہ کچھ عرصہ صحافت اور وکالت سے بھی وابستہ رہی ہیں۔ بلوچستان کی ایک اور مشہور شخصیت اور متعدد بار صوبائی وزیر رہنے والے میر عاصم خان عرف گیلو کرد بھی تجرد کی زندگی گزارنے والوں میں شامل ہیں جبکہ وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید بھی شادی نہ کرنے والی شخصیات میں شامل ہیں یہ اپنی غیر سنجیدہ اور ناشائستہ گفتگو کے حوالے سے بہت بدنام ہیں۔ شیخ رشید نے اپنی شادی نہ کرنے کی وجہ بھی غیر اخلاقی گفتگو میں بتائی ہے جنہوں نے میڈیا کے سوال کے جواب میں کہا تھا کہ "جب ایسے ہی تازہ دودھ حل جاتا ہے تو پھر بھینس پالنے کی کیا ضرورت ہے"۔

شادی نہ کرنے والی مشہور شخصیات کی فہرست طویل ہے لیکن اس کو مختصر کرتے ہوئے چند اور شخصیات کے نام لینے پر اکتفا کرتے ہیں جن میں انگریزی کے مشہ

شال بلیٹن 1

اس وقت بلوچستان میں کورونا وائرس کی صورتحال دن بدن خطرناک ہوتی جارہی ہے تاہم بلوچستان حکومت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے اسکے علاوہ وفاقی حکومت اور این ڈی ایم اے کی جانب سے بھی معاونت اور مدد حاصل ہے انھوں نے کہا کہ میڈیا میں کام کرنے والے صحافیوں نے کورونا وائرس کی اس صورتحال میں فرنٹ لائن سپاہیوں کا کردار ادا کیا ہے جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور انہیں یہ یقین دلاتے ہیں کہ حکومت بلوچستان صحافیوں کی فلاح و بہبود میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔

شال بلیٹن 2

۔وزیراعظم کو کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ملک میں کورونا وائرس کے مصدقہ کیسز، متاثرہ افراد کو طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹروں اور میڈیکل سٹاف کو حفاظتی سامان کی فراہمی اور ان کے لئے دیگر سہولیات پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملک میں موجود وینٹی لیٹرز کی صورتحال پر بات چیت کے دوران وزیراعظم نے ہدایت کی کہ وینٹی لیٹرز کے بہترین استعمال اور آسانی سے میسر آنے کیلئے مربوط حکمت عملی تیار کی جائے تاکہ ضرورت پڑنے پر میسر سہولت تک آسانی سے پہنچا جاسکے۔

شال بلیٹن 3

ہیں، وفاق اور حکومت پاکستان کو ہمارے شانہ بشانہ کھڑے ہونا تھا، جہاں صوبائی حکومتیں ایک روپیہ خرچ کرتی وہاں وفاق کو دو روپے خرچ کرنا چاہیے تھا، وزیر خارجہ کہتے ہیں حفاظتی کٹس موجود ہیں اگر نشتر ہسپتال ملتان میں کٹس دافر تھیں تو پھر پاکستان پیپلز پارٹی کو کٹس کیوں دینا پڑیں، بدقسمتی سے وفاقی حکومت کے سندھ سے منتخب رہنماؤں کے بیانات غیر ذمہ دارانہ ہوتے ہیں، مکمل لاک ڈاؤن، اسمارٹ لاک ڈاؤن یا نرمی کرنی ہے تو آپ فیصلہ کریں، لاک ڈاؤن میں نرمی سے خدانخواستہ کیسز اور اموات میں اضافہ ہوگا تو اس کے لیے ہسپتالوں میں بستروں اور دیگر تیاری بھی کرنی ہوگی، وزیراعظم کنفیوژ ڈ ہیں، سندھ میں ریلیف کو پی ٹی آئی سبوتاژ کررہی ہے، گورنر سندھ آج ہی آرڈیننس کو منظور کریں، ہم اپ کے ساتھ مل کرنے اور جگہ جگہ جانے کو تیار ہیں۔ پیر کو پاکستان میں کورونا وائرس کے باعث لاک ڈاؤن کے بعد پہلی مرتبہ ہونے والے قومی اسمبلی کے اجلاس میں خطاب میں پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو نے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکس اور نرسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 11 ہیلتھ ورکرز شہید ہوئے ہیں اور اسپیکر اسد قیصر کی صحت یابی کے لیے بھی دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس سے پوری دنیا کے رہنماؤں کی اصلیت سامنے آئی ہے، امریکا کے ڈونلڈ ٹرمپ اور برطانیہ کے وزیراعظم بورس جانسن کی بھی اصلیت سامنے آگئی ہے کیونکہ بحران قیادت کا امتحان ہوتے ہیں۔

شال بلیٹن 4

واپس بھیجنے کے لیے دروازہ کھول دیا اور پاکستان کی طرف دھکیل دیا، بہتری کی گنجائش موجود ہے، ہم اپنے وسائل کے مطابق بہتری کی کوشش کریں گے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے کورونا وائرس کے باعث عائد بندشوں میں نرمی کے اعلان کے بعد پہلی مرتبہ قومی اسمبلی کا اجلاس پیر کو ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری کی زیر صدارت ہوا اجلاس میں کورونا ٹیسٹ کے بعد اراکین نے شرکت کی ۔اجلاس میں معمول کا ایجنڈا معطل کرنے کی تحریک متفقہ طور پر منظور کرلی تحریک مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان نے پیش کی۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے فیصلہ کیا کہ کورونا وائرس پر یک نکاتی ایجنڈے پر قومی اسمبلی کا فیصلہ کیا اپوزیشن کے مطالبے کو تسلیم کیا۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کا چیلنج مشکل ہے اور حقیقت ہے کہ جنگ عظیم سے بھی زیادہ بلائیں ہوئی ہیں۔

شال بلیٹن 5

تعین یا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے۔ انہوں نے اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شرح نمو منفی ایک سے منفی ڈیڑھ فیصد تک ہوگی۔ انہوں نے سفیروں کو ملک کے ضرورت اور محروم طبقے کے لیے وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے احساس پروگرام کے ذریعے دیے جانے والے ریلیف پیکج اور چھوٹے اور بڑے کاروباروں کی مدد کے لیے حکومت کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ اس کے بعد مشیر خزانہ نے دونوں ممالک کے سفیروں سے جی-20 ممالک کی جانب سے دیے جانے والے قرضوں کی ری شیڈولنگ کی تفصیلات کے حوالے سے گفتگو کی اور انہیں بتایا کہ پاکستان کو موجودہ حالات میں مزید قرضوں کی ضرورت ہے۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ جی-20 فورم پر قرضوں کی ری شیڈولنگ کے حوالے سے ٹھوس موقف اپناتے ہوئے کہا تھا کہ غریب ملکوں کو حقیقت میں مدد کی ضرورت ہے جبکہ پاکستان کو اس ریلیف پیکج سے سب سے کم فائدہ پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی-20 ممالک کے قرض کی مد میں پاکستان کو جو 1.8 ارب ڈالر کی قسط دسمبر 2020 میں ادا کرنی ہے اس کا بھی شیڈول از سر نو مرتب کیا جارہا ہے۔ ایشیا عبدالحفیظ شیخ نے واضح کیا کہ پاکستان کسی بھی کمرشل قرضوں کے شیڈول کو از سر نو مرتب کرنے کی درخواست نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ مزید قرضوں کا بوجھ اٹھانے سے قبل فنانس ڈویژن ضروریات کو مدنظر رکھے گا کیونکہ اکثر اوقات لیے گئے قرض کی رقم پرانے قرض کو چکانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ اس موقع پر مشیر خزانہ نے دوست ممالک کی جانب سے کی جانے والی مدد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان تین ممالک کے عوام کی بہتری کے لیے مستقبل میں بھی تعاون کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

شال بلیٹن 6

شمول گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر حکومت کے نمائندوں نے رمضان کے آخری عشرے کیلئے تیاریوں کے حوالہ سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ لاک ڈاؤن میں نرمی کے ابتدائی تین دن انتہائی اہم ہیں، صوبے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں تاکہ کووڈ-19 کی روک تھام کیلئے حکومت کے اقدامات متاثر نہ ہوں۔ چیف کمشنر اسلام آباد، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان اور صوبوں کے چیف سیکرٹریز نے ویڈیو لنک کے ذریعے کانفرنس جبکہ وفاقی وزیر وزیر داخلہ بریگیڈیئر (ر) وزیر اعجاز احمد شاہ، وزیر برائے صنعت پیداوار حماد اعظم، وزیر برائے قومی خوراک تحفظ سید فخر امام، وزیر برائے معاشی امور خسرو بختیار، وزیراعظم کے معاون خصوصی صحت ڈاکٹر ظفر مرزا، معاون خصوصی برائے قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف، وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت ٹیکسٹائل اور سرمایہ کاری عبدالرزاق داؤد اور دیگر نے اجلاس میں شرکت کی۔

شال بلیٹن 7

بلاکتیں 200 تک جا پہنچی ہیں۔ وزیراعلیٰ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں 68 مریض صحتیاب ہوکر گھروں کو چلے گئے جس کے بعد صحتیاب ہونے والوں کی مجموعی تعداد 2149 ہے۔ وفاقی دارالحکومت سے کورونا وائرس کے مزید 38 کیسز اور ایک ہلاکت سامنے آئی ہے۔ سرکاری پورٹل کے مطابق نئے کیسز سامنے آنے کے بعد اسلام آباد میں کیسز کی مجموعی تعداد 679 ہوگئی ہے، دارالحکومت میں وائرس سے جاں بحق افراد کی تعداد 6 ہوگئی ہے۔ آزاد کشمیر میں کورونا وائرس سے پہلی ہلاکت سامنے آئی ہے جس کی تصدیق آزاد کشمیر کے ترجمان ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر نے کی۔ ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر نے بتایا کہ 85 سال کے مریض کو کورونا کے باعث 8 مئی کو آکسیجن وارڈ میں داخل کیا گیا تھا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکا۔ سرکاری پورٹل کے مطابق آزاد کشمیر میں کورونا کے کیسز کی تعداد 86 ہے اور اب تک 64 افراد صحت یاب ہوچکے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں پیر کو مزید 12 افراد کورونا وائرس کے باعث انتقال کرگئے جس کے بعد صوبے میں جاں بحق افراد کی تعداد 257 تک جا پہنچی ہے۔ صوبائی محکمہ صحت کے مطابق پشاور میں 6، مردان میں تین اور سوات، اپر دیر اور نوشہرہ میں ایک ایک شخص جاں بحق ہوا۔ صوبائی محکمہ صحت نے بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 206 افراد میں مہلک وائرس کی تشخیص ہوئی ہے جس کے بعد متاثرہ مریضوں کی تعداد 4875 تک جا پہنچی ہے۔ محکمہ صحت کے پی کے مطابق صوبے میں اب تک کورونا کے 1256 مریض صحت یاب ہوچکے ہیں۔

شال بلیٹن 8

سلامتی امور ڈاکٹر معید یوسف نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس پوری پالیسی کا محور ایک فرد ہے جس کی زندگی میں درپیش مشکلات کو آسان بنانا وزیراعظم کا بنیادی نکتہ ہے، آج کی بریفنگ میں وہ تمام ابہام دور ہوگئے جو کہ بہت سے لوگوں کے ذہنوں میں موجود تھے، اس نئی حکمت عملی کے تحت اب زیادہ تعداد میں پاکستانی واپس آسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تارکین وطن کیلئے خوشخبری ہے کہ انہیں واپس لانے کیلئے پالیسی میں مزید لچک لائی گئی ہے، نئی پالیسی کے مطابق بیرون ممالک سے آنے والے پاکستانیوں کیلئے کورونا ٹیسٹ کیلئے 48 گھنٹے کی پابندی ختم، ٹیسٹ رپورٹ منفی آنے کے ساتھ ساتھ ایسے مثبت کیسز جن میں علامات ظاہر نہیں ہورہیں انہیں صوبائی حکومتیں صحت ماہرین کی ایڈوائس پر سیلف کوارنٹین کیلئے گھروں میں بھجوا سکیں گی، 11 مئی سے جو بھی بیرون ملک سے پاکستانی آئے گا وہ فوری طور پر حکومتی قرنطینہ یا اپنے ذاتی خرچ پر ہوٹل میں پہنچے گا جہاں پر ترجیحی بنیادوں پر اس کا ٹیسٹ کیا جائے گا، ٹیسٹ کا رزلٹ بھی جلدی یقینی بنایا جائے گا۔

شال بلیٹن 9

ٹرانسپورٹروں اور پارٹی کارکنوں اور عہدیداروں پر مشتمل وفود سے گفتگو اور اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان میں میں تمام اقوام محب وطن ہے جو کہ اپنے وطن کی دفاع کیلئے پاک فوج کی شانہ بشانہ کھڑی ہوکر بھارت کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیگے انہوں نے کہا کہ بھارت اور انکے ایجنٹوں کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں ہے ہمارے بہادر افواج نے بھارت اور انکے ایجنٹوں پر بلوچستان کی زمین تنگ کرکے بھارت اور انکے نمکوں پر پلنے والوں کے لئے جہنم بنادیا ہے بلوچستان عوام پاک فوج اور دیگر فورسز سب ایک پیج پر ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ آنے والے وفاقی وصوبائی پی ایس ڈی پیز میں جتنے کے دونوں اضلاع کے عوام کے درینہ اور حل بڑے منصوبے شامل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہا ہوں انہوں نے کہا کہ زیارت تا خانی بابا کراس تک شاہراہ کو دو رویہ کرنے کا پہلے ہی وزیراعلیٰ بلوچستان اعلان کرچکے ہے جبکہ ہرنائی کوئٹہ روڈ، ہرنائی تا سنجاوی، تا لورالائی روڈ، اور ہرنائی سبی روڈ کو وفاقی اور صوبائی پی ایس ڈی پیز میں شامل کرکے تعمیر کرنے وفاقی وزراء سے مسلسل رابطہ میں ہوں اور امید ہے کہ آنے والے بجٹ میں ان روڈز کی تعمیر کی منظوری ہوجائے گی۔

شال بلیٹن 10

تک کھولنے کی اجازت ہے شام 5 بجے کے بعد ان کاروبار کو کھولے رکھنے پر ان کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی تندور ڈیری پروڈکٹس شاپس میڈیکل سٹورز بلڈ بینک اور ٹیلر شاپس کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کو بھی صرف ہوم ڈیلیوری اور ٹیک آوے سروس کے لیئے 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی لاک ڈاؤن میں کی جانے والی نرمی تاجروں اور عوام کے احتیاطی تدابیر کی ایس او پیز پر مکمل درآمد سے مشروط ہے ورکرز اور گاہکوں کے لئے ہاتھ دھونے سینیٹائیزر کی فراہمی اور ماسک اور گلوز کا استعمال لازم ہے دکان میں ایک وقت میں 4 سے زائد افراد نہیں ہونگے۔

شال بلیٹن 11

کی پریشانی ہورہی ہے جس کی وجہ سے کوئی بھی شخص مطمئن نہیں لاک ڈاؤن کی وجہ سے پسے ہوئے غریب عوام کے نام پر مخصوص طبقے کو مالا مال کیا گیا ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، رکشے والا، ریڑھی بان، دیہاڑی دار اور پرائیویٹ ملازمین کی چیخیں آسمان تک پہنچ رہی ہیں مگر نااہل حکومت ان کی مجبوری کی آڑ میں اپنے مفادات کیلئے راہیں تلاش کرنے میں لگی رہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل کو باپ پارٹی کے عہدے داروں پر خرچ کیا جارہا ہے جس کے بھیانک نتائج برآمد ہوں گے اپوزیشن کو دیوار سے لگا کر بند کمروں میں بیٹھ کر واٹس ایپ کے ذریعے صوبے کے عوام کی قسمت سے کھیل رہے ہیں اور لاک ڈاؤن اور آزمائشی حالات سے فائدہ اٹھا کر بلوچستان کو پسماندگی کی طرف لے جارہے ہیں دوسری طرف وفاق میں بیٹھے ہوئے وہ حکمران ہیں جن کی حالت دیکھ کر ملک وقوم کی قسمت پر رونا آتا ہے کہ اس ملک کا کیا بنے گا انہوں نے کہا کہ ریاست مدینہ کے مقدس نام کو استعمال کرنے والوں سے رات چھپ کے لوگوں کے گھروں تک راشن پہنچانے کی توقع تو دور کی بات ہے مگر جو اعلانات اور جھوٹے وعدے کیئے گئے اس کا جواب دینے والا کوئی نہیں جس کیلئے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی گئی لیکن حقیقت وہ ہے جو عوام کے سامنے ہے کورونا وائرس کے ٹیسٹ کا نظام تک نہیں بن سکا جو لوگ طبعی موت مرتے ہیں ان کی موت کے بعد کورونا مریض قرار دے کر انسانیت کے ساتھ ناروا برتاؤ کیا جارہا ہے اور جو حقیقی مریض ہیں ان کا پرسان حال نہیں ہے اور وسائل کا فقدان ہے۔

شال بلیٹن 12

تصدق حسین کو بے ایمان قرار دیتے ہوئے کہا کہ تفتیشی افسر تصدق حسین ایماندار افسر نہیں تھا، وہ 16 فروری سے اب تک زمین کی ملکیت کا تعین نہیں کرسکا، اس نے مجبوری چالان میں دونوں فریقین کیلئے گنجائش رکھی، وہ ڈیمانڈ پوری کرنے والے فریق کو حتمی چالان میں ایڈجسٹ کرے گا، بے ایمانی کی بھی کوئی حد ہوتی ہے، تفتیشی افسر نہ جانے کیوں اپنی نوکری تباہ کرنے پر تلا ہوا ہے، سارے تفتیشی افسر فارغ ہوجائیں گے۔ جسٹس قاضی امین نے ریمارکس دیے کہ راولپنڈی اور اسلام آباد میں قبضہ مافیا کا راج ہے اور ریاست کی کوئی رٹ نہیں ہے، لوگوں میں اب قانون کا کوئی ڈر نہیں رہا۔ سپریم کورٹ نے ناقص تفتیش پر آئی جی اسلام آباد کو (آج) منگل کو طلب کرتے ہوئے آئی جی صاحب بتائیں ایسے تفتیشی افسران کا کیا کرنا ہے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت کل تک ملتوی کردی۔

شال بلیٹن 13

جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کے مزار کے سامنے چائنہ کٹنگ، کاسمو پولیٹن سوسائٹی کی غیر قانونی تعمیرات اور سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی افسران کے اختیارات کے ناجائز استعمال پر مکمل رپورٹ دی جائے۔ ٹائروں کا جعلی کاروبار کرنے والے ملزم عاطف زمان کیخلاف بڑی تعداد میں درخواستیں موصول ہونے کے بعد چیئرمین نیب نے تحقیقاتی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ گرفتار ملزم عاطف زمان نے فراڈ کے بعد فی ٹی وی چینل کے اینکر پرسن مرید عباس کو بھی قتل کردیا تھا۔

شال بلیٹن 14

اور حوصلہ افزاء ہیں۔ سندھ حکومت کی جانب سے عدم تعاون کی رپورٹ بھی وزیراعظم کو پیش کی ۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سندھ میں ایک لاکھ 54 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہیں حکومت تعاون نہیں کر رہی۔ وزیراعظم نے ٹائیگر فورس سے متعلق رپورٹ پر اظہار اطمینان کیا اور معاون خصوصی کو صوبائی سطح پر کوارڈینیشن جاری رکھنے کی ہدایت جاری کی ۔ وزیراعظم نے تمام صوبوں کے چیف سیکرٹریز سے خطاب کا فیصلہ کیا ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو ملک بھر میں مرحلہ وار متحرک کرنے کا عمل بھی جاری رکھا جائے۔ ذرائع کے مطابق سندھ میں رجسٹرڈ نوجوانوں سے متعلق اہم فیصلہ ایک دو روز میں متوقع ہے۔

شال بلیٹن 15

سائنس وٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا کہ میں نے اسمبلی اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کئی اراکین اور عملے کے ٹیسٹ پازیٹو آنے کے بعد کیا ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ پہلے دن سے میں ویڈیو لنک پریشن کا کہہ رہا ہوں، مگر اپوزیشن کے دباؤ میں آکر پارلیمانی کمیٹی نے غیر دانشمندانہ فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی اجلاس بلا کر کئی سیاسی قیادت کو غیر ضروری خطرے میں ڈال دیا ہے، جبکہ یہاں تو ایم این ایز کے ساتھ ساتھ پارلیمنٹ کے عملے میں بھی کورونا کا ٹیسٹ پازیٹو آیا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں شرکت کرنے والے ایک ہزار افراد رسک پر ہوں گے، میں آئندہ اجلاسوں میں بھی شرکت نہیں کروں گا۔

شال بلیٹن 16

پاکستان جیسی نامور قومی اور بین الاقوامی شخصیتوں نے بھی نیب کی کارکردگی کو سراہا، ملائیشیا میں مزید کہا گیا کہ پاکستان وہ واحد ملک ہے جس کے ساتھ چین نے کرپشن کے خاتمے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر سائن کیے، پاکستان اور چین مشترکہ طور پر چین پاکستان اقتصادی رابطہ (سی پیک) منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے کام کر رہے ہیں، ملائیشیا کے مطابق نیب نے اپنے قیام سے لے کر اب تک 328 ارب روپے کی وصولی کی اور سینکڑوں وائٹ کالر جرائم سے متاثرہ افراد اور کچھ سرکاری اور نجی محکموں کو رقم واپس کی اور ایک روپیہ بھی وصول کیے بغیر باقی رقم قومی خزانے میں جمع کرادی، مزید بتایا گیا۔

شال بلیٹن 17

کو ادائیگی کا سلسلہ مسلسل سے جاری ہے۔ کوئٹہ سے جاری بیان میں بلوچستان ایڈیٹرز کونسل نے کہا ہے کہ صوبے کے اخبارات کو گذشتہ کئی ماہ سے واجبات کی ادائیگی نہ ہوسکی ہے جس کی وجہ سے اخباری صنعت شدید بحران کا شکار ہوچکی ہے' ایک جانب کورونا وائرس کی وجہ سے ایمرجنسی کی صورتحال ہے تو دوسری جانب رمضان المبارک کا مہینہ ہے مگر اسکے باوجود اخبارات کو واجبات کی ادائیگی ممکن نہیں بنائی جارہی ہے جس کی وجہ سے ملازمین کو تنخواہیں ادا نہیں کی جاسکی ہیں' ایمرجنسی کی صورتحال ہونے کے باوجود محکمہ تعلقات عامہ کا محکمہ بروقت واجبات کی ادائیگی کیلئے عمل ہرہ ادا ہے جی آفس بھگا رہا ہے مگر اسے جی آفس کے عملے کے نامناسب رویے کی وجہ سے چیکس نہیں بنائے گئے ہیں جس کی وجہ سے صوبے کے اخبارات شدید بحران کا شکار ہوچکے ہیں۔ بیان میں ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان اور اے جی بلوچستان سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ فوری طور پر صورتحال کا نوٹس لیکر اخبارات کو بقایا جات کی ادائیگی یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائے تاکہ صوبے کے اخبارات اس مشکل صورتحال میں اپنی اشاعت جاری رکھ سکے۔

شال بلیٹن 18

کورونا کے تازہ اعداد و شمار جاری کردیئے جس کے مطابق ملک بھر میں کورونا کیسز کی تعداد 30 ہزار نو سو اکتالیس ہوگئی، چوبیس گھنٹوں میں 1 ہزار چار سو چھتر کیسز رپورٹ ہوئے۔ کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں کورونا کے مزید اٹھائیس مریض جاں بحق ہوئے جس کے بعد ملک بھر میں کورونا سے ہلاکتوں کی تعداد 667 ہوگئی۔ کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق پنجاب میں کورونا کیسز کی تعداد 11568 ہوگئی، سندھ میں کورونا کیسز کی تعداد 11480، کے پی میں 4669 ہوگئی، کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق اسلام آباد میں 667، گلگت میں 442 اور آزاد کشمیر میں کورونا کے 86 کیسز رپورٹ ہوئے، چوبیس گھنٹوں میں 11 ہزار 367 لوگوں کے کورونا ٹیسٹ کیے گئے۔

شال بلیٹن 19

تعداد 7 ہوگئی ہے۔ اس حوالے سے پوچ کے ڈپٹی اسسٹنٹ جنرل (ڈی آئی جی) پولیس راشد نعیم خان نے میڈیا کو بتایا کہ بھارتی فوج نے عباس پور سیکٹر پر شیلنگ کی، جس میں ہلکے اور بھاری ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے شہری آبادی کو نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گاؤں پولاس کا کوٹا میں شام 6 بجکر 45 منٹ پر عثمان حفیظ نامی شخص کی 22 سالہ بیوی شازیہ بی بی افطاری کی تیاریوں میں مصروف تھی کہ ایک شیل ان کے گھر کے پلنگ میں آگرا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گئیں۔ ادھر عباس پور سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون صحافی سائرہ یوسف چغتائی نے بتایا کہ متاثرہ خاتون ایک نجی اسکول میں ٹیچر تھی اور ان کی شادی کو تقریباً 2 سال ہوئے تھے، ان کی غیر متوقع موت نے پورے علاقے میں غم کا ماحول پیدا کردیا۔

شال بلیٹن 20

وضاحت کردی گئی ہے، سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ تمام بورڈ کے امتحانات منسوخ کردیے گئے ہیں۔ 80 فیصد طالب علموں کو اس سے کوئی مسئلہ نہیں تاہم جو امتحانات کے نتائج میں بہتری کے خواہاں اور نجی اداروں کے طالب علم ہیں ان کو پرموٹ کرنے کیلئے پالیسی تشکیل دی جارہی ہے جو جمعہ کے روز واضح کردی جائے گی ۔ یاد رہے 7 مئی کو پریس کانفرنس کے دوران وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے تمام امتحانات منسوخ کرنے کا اعلان کردیا تھا ۔انہوں نے کہا تھا کہ نویں، دسویں، گیارہویں اور بارہویں کے جو امتحانات ہورہے تھے، اب یہ امتحانات نہیں ہوں گے بلکہ پچھلے سال کے نتائج کو دیکھ کر طلبا کو اگلی جماعت میں پروموٹ کردیا جائے گا۔ انہوں نے وزیراعظم عمران خان کے ہمراہ میڈیا بریفنگ میں بتایا کہ جب وبا پھیلی تو وزیراعظم نے ہدایت کی کہ طلبا کی صحت کا خیال رکھا جائے، جس کے باعث تعلیمی ادارے بند کیے گئے اور امتحانات کو جون جولائی تک ملتوی کردیا گیا۔ اسی طرح ہم نے نیلی تعلیم کا سلسلہ شروع کیا، ہم نے فیصلہ کیا تھا کہ ہم تمام فیصلوں پر نظر ثانی بھی کریں گے۔ کل اجلاس میں ہم نے صوبوں کے ساتھ مل کر دو بڑے اہم فیصلے کیے گئے ہیں، ایک فیصلہ یہ کیا گیا کہ ملک بھر کے تعلیمی ادارے یکم جون کی بجائے 15 جولائی تک بند رکھے جائیں گے۔

شال بلیٹن 21

قمری سال کی مدت کا شمسی سال کے مقابلے میں 11 دن کم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر شمسی سال کے دوران پچھلے سال کی نسبت رمضان المبارک اور دوسرے قمری مہینے گیارہ دن پہلے شروع ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹر السند میں اپنے ٹویٹر اکاؤنٹ کے ذریعے بتایا ہے کہ 2030 میں رمضان المبارک دو بار آئے گا۔ 5 جنوری 2030 کو 1451 ہجری کے رمضان المبارک کا آغاز ہو جائے گا۔ جس کے روزے پورے 30 ہونے کا بھرپور امکان ہے۔ 2030 کے آخری مہینے دسمبر میں رمضان المبارک کی دوبارہ آمد ہوگی۔ ڈاکٹر السند کے مطابق 26 دسمبر 2030 کو ایک بار پھر رمضان المبارک (1452ھ) کا پہلا روزہ شروع ہوگا۔ اس طرح 26 دسمبر سے لے کر 31 دسمبر تک مسلمان رمضان المبارک کے 6 روزے رکھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ جبکہ باقی روزے اگلے شمسی سال 2031 کے پہلے مہینے جنوری کے آخری دنوں میں جا کر ختم ہوں گے۔ اس لحاظ سے عالم اسلام کو 2030 کے دوران 36 روزے رکھنے کا اور دہرایا موقع میسر آئے گا۔

شال بلیٹن 22

۔الخدمت جماعت اسلامی نے پورے ملک کی طرح بلوچستان بھر میں عوامی خدمات کے نئے ریکارڈ بنا دیے ہم دیانت و اخلاص اور نیک نیتی سے پریشان حال عوام کی خدمت کر رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ کورونا وبا میں وزیراعظم عمران خان نے قومی ایکشن پلان اور منظم اقدامات کی بجائے انتشار، سیاسی اور وفاقی اور صوبوں میں دوریاں پیدا کی ہیں۔ لاک ڈاؤن نرمی اور کاروبار کھولنے کے لیے بھی فیاضی ایکشن پلان بنایا گیا ہے ۔ ۔ ٹائیگر فورس کے نام پر بھی عوام کو بے وقوف اور کرپشن کا راستہ ہموار کیا جارہا ہے جو لمحہ فکریہ ہے۔ حکومتیں سوئی ہوئی ہیں عوام پریشان اور دو وقت کے کھانے کیلئے بھاگتے پر مجبور ہیں۔

شال بلیٹن 23

مظاہرہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری کی مدبرانہ تقریر پر حکومتی جواب غیر سنجیدگی کی انتہا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ حیرت ہے کہ وزیر خارجہ کو کورونا کے خلاف جنگ میں حکومت سندھ کا قائدانہ کردار سندھ کا رڈ نگ رہا ہے۔ چیئرمین بلاول نے تمام صوبائی حکومتوں کے اقدامات کی تعریف کی ۔ حکومت کا آج بھی نشانہ کورونا نہیں حکومت سندھ رہی ۔ بلاول بھٹو زرداری کورونا کے خلاف فکر لڑنے کی پیشکش کررہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خاصانہ پیشکش ٹھکرا کر سندھ سے لڑنے لگ جاتی ہے ۔ وقت ہے کہ وفاقی حکومت ہوش کے ناخن لے اور بلا وجہ کی تنازعات سے گریز کرے ۔ یہ وقت کورونا سے عوام کو زندگیاں محفوظ کرنے کیلئے مشترکہ کاوشوں کا ہے۔

شال بلیٹن 24

جاتی ہے مہنگائی کا ایک نیا طوفان برپا ہوتا ہے لیکن اب جبکہ پٹرول، ڈیزل سمیت تمام مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہے مہنگائی اور ذخیرہ اندوز مافیا نے اشیاء کی قیمتوں میں کمی کرنے کی بجائے مہنگے داموں فروخت شروع کردی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بنائی جانے والی پرائس کنٹرول کمیٹیاں محض اجلاسوں کی حد تک محدود ہیں جبکہ غریب شہری مہنگائی کے ہاتھوں پریشان ہیں دوسری جانب حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا براہ راست فائدہ عوام تک پہنچانے سے بھی قاصر ہے انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے عوام کا پہلی ہی بہت نقصان ہوچکا ہے اب وہ مزید نقصان برداشت کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں لہذا حکومت جلد از جلد کارروائی کرتے ہوئے اشیاء خورد و نوش سمیت تمام اشیاء کی قیمتوں میں کمی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرنے کے ساتھ ساتھ گراں فروشوں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائی کرے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

شال بلیٹن 25

صرف 92 لاکھ روپے کی آفر آئی تھی جس کو ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ عامر نثار چوہدری نے مسترد کردیا تھا اور دوبارہ نیلامی کے احکامات جاری کیے تھے جس کو ویڈنگ سٹالز کنٹریکٹرز نے ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا تھا اس پر ہائیکورٹ نے ریلوے کے حق میں فیصلہ دے دیا تھا۔ اس موقع پر ڈی ایس نے کہا ریلوے کی بہتری کیلئے کام کرتے رہیں گے ایسے ہی ریلوے کی آمدنی میں اضافہ کرتے رہیں گے۔ ڈی ایس نے میرٹ پر آکشن کرانے پر ڈویژنل کمرشل آفیسر شیریں اصغر اور ان کی ٹیم کو شاباشی دی۔

شال بلیٹن 26

میں سے 18 فوجیوں کی لاشیں نکال لی گئیں۔ اس حملے کی متعدد ویڈیوز سامنے آئی ہیں جن میں زخمیوں کی مرہم پٹی کرتے اور انہیں چاہ بہار اسپتال منتقل کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ خیال رہے کہ ایران نے بھارتی جنگی جہاز 2010 کو پہلی بار سمندر میں اتارا تھا۔ 95 میٹر طویل اس جہاز پر جدید مواصلاتی نظام، وارفیئر سینسر اور ایک ہیلی کاپٹر لینڈنگ پلیٹ فارم بھی موجود ہے۔ خیال رہے کہ ایران میں ایک ہی ایک غلطی رواں سال 8 جنوری کو اس وقت ہوئی تھی جب تہران میں پاسداران انقلاب نے ایک یوکرینی مسافر جہاز پر میزائل مار تباہ کردیا تھا جس کے نتیجے میں اس پر سوار 176 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔

شال بلیٹن 27

سندھ کے کنارے کپڑے دھونے آئیں تھی کہ ایک 3 سالہ بچی سلمان دریا میں گر گئی جسکو بچانے کے لئے تین خواتین تمام خاتون۔ ثمینہ۔ مین وسائی اور 8 سالہ شمیل نے دریا میں چھلانگ لگادی مگر بچی کو ڈھونڈتے وہ آگے نکل گئے اور گہرے پانی میں ڈوب گئے قریب موجود لوگوں نے چیخ و پکار کی آوازیں سنیں تو انہوں نے مقامی غوطہ خوروں کو فوری بلوایا مقامی غوطہ خوروں اور لوگوں نے تین خواتین ا

چاغی کیلئے 13 نئے بنیادی مراکز صحت اور آر ایچ سی کی منظوری

ضلع چاغی میں صحت اور تعلیم کے شعبوں کی بہتر کارکردگی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں

کورونا وائرس کی تدارک کے لیے ہر میدان میں پیش پیش رہے لیکن کبھی کریڈٹ لینے کی کوشش نہیں کی' میر الیاس دہانی

آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ گذشتہ روز بی ایم سی میں فائرنگ سے زخمی ہونے والے اہلکار کی عیادت کر رہے ہیں

چاغی (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی کی کوششوں سے ضلع چاغی کے لیے 13 نئے بنیادی مراکز صحت جبکہ پاک افغان سرحدی علاقے براب چاہ کے لیے آر ایچ سی کی منظوری دے دی گئی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں صوبائی وزیر میر محمد عارف محمد حسنی کے کیمپ آفس میں پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے ان کے فوکل پرسن میر الیاس دہانی اور پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم ایس وہاب بلوچ نے صحافیوں کو بتایا کہ چاغی میں اس وقت 12 بنیادی مراکز صحت ہیں لوگوں کی ضروریات کے پیش نظر مزید 13 پی ایچ یوز قائم کیے جا رہے ہیں جبکہ سرگیمہ اور پوتی کی پی ایچ یوز کو پی ایچ یو پلس کا درجہ دے دیا گیا اور براب چاہ میں آر ایچ سی قائم کرنے کی منظوری دی گئی۔ میر الیاس دہانی کا کہنا تھا کہ صوبائی وزیر میر محمد عارف محمد حسنی نے چاغی اور چھتر کے آر ایچ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صارفین کی خدمت کیلئے ہمیشہ پرعزم ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صارفین کی خدمت کیلئے ہمیشہ پرعزم ہے اور موجودہ صورتحال کے پیش نظر صارفین کی خدمت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے بجلی کی بلا تعطل فراہمی کیلئے فیلڈ میں موجود بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ملک مشکل حالات سے گزر رہا ہے حکمرانوں میں ملک چلانے کی کوئی صلاحیت نہیں ہے' حافظ مسعود احمد

جمعیت علما اسلام اسلامی سیاست کے فروغ کیلئے جہد و جہد جاری رکھیں گے

سیاست دین اسلام کا ایک عظیم شعبہ ہے' ڈپٹی جنرل سیکرٹری جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ مسعود احمد ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی جمعیت ضلع کوئٹہ کے معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد طاہر توحیدی نے کہا کہ ملک مشکل حالات سے گزر رہا ہے حکمرانوں میں ملک چلانے کی کوئی صلاحیت نہیں ہے سیاست دین اسلام کا ایک عظیم شعبہ ہے جمعیت علما اسلام اسلامی سیاست کے فروغ کیلئے جہد و جہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تبدیلی کی دعوے دار حکمرانوں نے قوم کو بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کسی صورت ملکی استحکام و سالمیت سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

مولانا عبدالغفور حیدری

جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ ملکی استحکام و سالمیت کی بقا کی جنگ پارلیمنٹ کی اندر و باہر لڑ رہے ہیں

نااہل حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے مملکت خداداد پاکستان مختلف مصائب اور چیلنجز کا سامنا ہے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری جمعیت صوبہ سندھ کے جنرل سیکرٹری مولانا راشد خالد محمود سومرو نے کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ ملکی استحکام و سالمیت کی بقا کی جنگ پارلیمنٹ کی اندر و باہر لڑ رہے ہیں نااہل حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے مملکت خداداد پاکستان مختلف مصائب اور چیلنجز کا سامنا ہے کسی صورت میں بھی استحکام و سالمیت پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا یہ بات انہوں نے تحارت بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

اوتھل پی اے پی کے ضلعی رہنما غلام محمد عرف گلو جامعوت تحصیلدار اوتھل عبدالسلام پیچو ماسک تقسیم کر رہے ہیں

گراں فروشوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی' ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

صحافیوں اور اور سیول سوسائٹی کے لوگ بھی اس سلسلے میں حکومت کے اہلکاروں کی مدد کریں

چھتر (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی خصوصی ہدایت پر نائب تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی، ایڈیشنل ایس ایچ او شاہ بخش سولنگی، پٹواری قمبر علی لنگی اور پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ میر حسن شہر میں سبزی فروش، گوشت اور دودھ کے نرخ نامے چیک کیے اس کے علاوہ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

تحصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ کی ہدایت پر نائب تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی، ایڈیشنل ایس ایچ او شاہ بخش سولنگی، پٹواری قمبر علی لنگی اور پولیس کی بھاری نفری کے ساتھ تحصیل چھتر کے علاقے میر حسن اور گرد و نواح میں چھوٹے بڑے شہروں میں گراں فروشوں کے خلاف نرخ نامے چیک کیے

اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان پر گستاخانہ الفاظ کی استعمال قابل مذمت فوراً معافی لیا جائے' مولانا حافظ محمود الحسن

ایک نام نہاد پارٹی کی طرف سے کسی معزز شخصیت پر گندہ زبان درازی کرنا سمجھ سے بالاتر ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ محمود الحسن اسمٰعیل میر حاجی اسحاق ذاکر شاہوانی مولانا محمد عثمان پرکانی میر حاجی حبیب اللہ پرکانی مولانا عبدالمالک قاری رشید احمد مدنی مولانا مفتی جان محمد مولانا محمد یونس لراسانی حاجی شبیر احمد کرد مولانا شبیر احمد لاگو حافظ عبیداللہ گل آمین اللہ جان رند مولانا صدام حسین مینگل حافظ محمد قاسم شنگوری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان پر گستاخانہ الفاظ کی استعمال قابل مذمت فوراً معافی لیا جائیں انہوں نے کہا کہ ایک نام نہاد پارٹی کی طرف سے کسی معزز شخصیت پر گندہ زبان درازی کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔

آئے روز بجلی کی لوڈشیڈنگ اور ٹرپنگ نے روزے دار کا اس سخت گرمی میں رہنا محال کر دیا ہے' میر بخش رند

جعفر آباد (نامہ نگار) ماہ رمضان مبارک میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ روزے دار بلبلا اٹھے کہیکو نصیر آباد ڈویژن کی عوام کے ساتھ ناانصافی جاری ہے سولہ سے اٹھارہ گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جاری ہے ان خیالات کا اظہار بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

لیویز فورس کی یک مچ کے قریب کارروائی گاڑی سے منشیات برآمد لیویز

چاغی (آن لائن) لیویز فورس کی یک مچ کے قریب کارروائی گاڑی سے منشیات برآمد لیویز ذرائع کے مطابق یک مچ کے قریب خفیہ اطلاع ملنے پر لیویز فورس کی کیو آر ایف ٹیم کے کمانڈر کریم نوتیزئی کی سربراہی میں کارروائی کرتے ہوئے گاڑی کے اندر اندرون خانہ چھپائی گئی دو کلو کرسٹال و گولیاں برآمد کر لیا تاہم اس دوران کوئی گرفتار نہیں بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

واجد بدین میں لیویز کی کارروائی غیر قانونی طریقے سے پاکستان میں داخل ہونے والے 10 افراد کو گرفتار کر لیا

واجد بدین (این این آئی) واجد بدین میں لیویز کی کارروائی غیر قانونی طریقے سے پاکستان میں داخل ہونے والے 10 افراد کو گرفتار کر لیا لیویز ذرائع کے مطابق رات کو لیویز نے پاک ایران سرحدی علاقہ رونک سے داخل ہونے والے 10 افراد کو گرفتار کر لیا ہے یہ افراد ایران سے پاکستان میں داخل ہونے اور اقامتی صوبہ پنجاب جانے کا کہہ رہے ہیں لیویز نے گرفتار افراد کو تحقیق کے لیے منتقل کر دیا۔

خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ میں گزشتہ روز قرآنی خطوط اور مختلف نسخوں کی نمائش کا انعقاد کیا گیا

امت مسلمہ کو یکجا ہو کر حقیقی معنوں میں قرآنی تعلیمات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، حسن گولیوندر درویش وند

کوئٹہ (آن لائن) خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ میں گزشتہ روز قرآنی خطوط اور مختلف نسخوں کی نمائش کا انعقاد کیا گیا جس سے کوئٹہ میں تعینات ہونے والے اسلامی جمہوریہ ایران کے نئے قونصل جنرل جناب حسن گولیوندر درویش وند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امت مسلمہ کو یکجا ہو کر حقیقی معنوں میں قرآنی تعلیمات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، اگر امت مسلمہ قرآن واقعی ان قرآنی احکامات کو اپنے زندگی کے تمام شعبوں میں نمونہ عمل بناتے تو آج اتنی ذلت رسوائی اور بدامنی کا شکار نہ ہوتے، قرآن کے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کی وجہ سے آج مسلمان تکلیف میں ہیں' امیر اہلسنت

مخیر حضرات ان کی مدد کیلئے اپنے خزانوں کے منہ کھول دیں، علامہ محمد الیاس عطار قادری

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہلسنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی وجہ سے آج مسلمان تکلیف میں ہیں مخیر حضرات ان کی مدد کیلئے اپنے خزانوں کے منہ کھول دیں، انہیں غذا بھی دیں اور دوا بھی بلکہ بہتر یہ ہے کہ انہیں رقم دیں تاکہ وہ اپنی ضرورت کے مطابق دیگر سامان بھی خرید سکیں، مدد کرنے والے شخص کو چاہئے کہ وہ احسان کر کے نہ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

اسلام مستحق افراد کی مشکل کی گھڑی میں مدد کو نہایت اہمیت دیتا ہے' سردار سکندر حیات خان جوگیزئی

اسلام بھی وباء لگنے کی صورت میں ہمیں پرہیز اور سخت احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تعلیم دیتا ہے

لورالائی (این این آئی) سابق نگراں وفاقی وزیر سردار سکندر حیات خان جوگیزئی نے جیلپ بلوچستان کے زیر اہتمام مستحق افراد میں راشن تقسیم کرنے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اسلام مستحق افراد کی مشکل کی گھڑی میں مدد کو نہایت اہمیت دیتا ہے اور اسے عبادت کا درجہ بھی حاصل ہو جاتا ہے ہمیں اس نازک صورتحال میں ایک قوم بنکر وباء سے نمٹنا ہوگا اور اس عالمی وباء پر ہمیں سیاست سے باہر رہتے ہوئے اپنا قومی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

گرمی خشدار سے تین سال قبل اہلیہ محمد ریاض زہری والد خان محمد زہری بازیاب ہو کر گھر پہنچ گیا

تفتان (نامہ نگار) ایرانی حکام نے بغیر سفری دستاویزات کے ایران میں سفر کرنے والے 39 پاکستانی شہریوں کو گرفتار کر کے تفتان سرحد پر لیویز حکام کے حوالے کر دیا تفصیلات کے مطابق ایرانی حکام نے غیر قانونی طور پر ایران میں سفر کرنے والے 39 پاکستانی شہریوں کو گرفتار بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بلوچ، پشتون اور ہزارہ قوم کے تمام علاقوں میں ترقیاتی منصوبے جاری ہے' ایچ ڈی پی

ہم دعووں کی بجائے عمل کے ذریعے امن، محبت اور بھائی چارے کے نعروں کو ثابت کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں پی پی 26 اور پی پی 27 میں جاری ترقیاتی اسکیموں کو ان علاقوں کے رہائشیوں اور کوئٹہ شہر کیلئے مثالی پارٹی پروگرام قرار دیتے ہوئے کہا کہ شفاف اقربا پروری اور ہر قسم کے کرپشن سے پاک منصوبوں کی جس طرح بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

بلوچستان شیعہ کانفرنس کے مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس امام بارگاہ ناصر آباد ہزارہ میں منعقد ہوا

شہادت حضرت علی کا جلوس 21 رمضان مورخہ 15 مئی رات 9 بجے امام بارگاہ ناصر آباد سے برآمد کیا جائے گا' شیعہ کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان شیعہ کانفرنس کے مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس امام بارگاہ ناصر آباد ہزارہ میں منعقد ہوا جسکی صدارت شیعہ کانفرنس کے صدر سید داؤد آغا نے اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ بسلسلہ شہادت حضرت علی کا جلوس 21 رمضان مورخہ 15 مئی رات 9 بجے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

جامشورو سندھ یونیورسٹی کے ملازمین انتظامیہ کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں

اگر تاجروں نے ایس او پیز پر عمل نہ کیا تو اس سے کورونا وائرس پھیلنے کا خطرہ ہے' عبدالسلام پیچو

کورونا وائرس ایک خطرناک وباء ہے اس سے دنیا بھر میں لاکھوں افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی رہنما غلام محمد عرف گلو جامعوت اور تحصیلدار اوتھل عبدالسلام پیچو نے اوتھل بازار کے دکانداروں اور شہریوں میں 500 ماسک تقسیم کیے اس موقع پر انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ حکومت کی جانب سے کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے ایس او پیز پر عمل کر کے احتیاطی تدابیر اپنائیں اور تمام دکاندار ماسک اور سینیٹائزر کا استعمال کریں انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس ایک خطرناک وباء ہے اس سے بچنے کے لئے حکومت کی جانب سے بتائی گئی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

انڈین میڈیا پر بلوچستان کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کو مسترد کرتے ہیں' قبائلی عمائدین

بلوچ قوم محب وطن پاکستان ہیں افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ملک دشمن عناصر کی سرکوبی کیلئے تیار ہیں

کوہلو (آن لائن) بھارتی میڈیا پر بلوچستان کے خلاف منفی پروپیگنڈہ پر کوہلو میں قبائلی عمائدین کی جانب سے شہید جسٹس محمد نواز چوک پر مظاہرہ کیا گیا اس موقع پر شرکاء کی جانب سے انڈین پرچم کو پاؤں تلے روند کر نذر آتش کیا گیا مظاہرے میں قبائلی رہنما حاجی میر بہار خان مری، چیف آف بھارانی و ڈپٹی شاہنواز مری، ڈپٹی پیر رخ مری، ڈپٹی غازیان پوادی مائیڈ کیٹ علی شیر زر بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کی ترقیاتی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیلہ پولیس کی کارروائی نان کسٹم پیڈ کار برآمد، ملزم گرفتار

اوتھل (این این آئی) بیلہ پولیس کی کارروائی نان کسٹم پیڈ کار برآمد ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او بیلہ محمد جان ساسولی نے بیلہ کے قریب شمالی وطیت چیک پوسٹ بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

وندر ڈیم کا منصوبہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا لسبیلہ کے لیے عظیم تحفہ ہے، محمد یوسف بلوچ

آج تک جو بھی اجتماعی کام ضلع لسبیلہ میں ہوئے ہیں وہ جام خاندان کے مرہون منت ہیں

لسبیلہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سابق وائس چیئرمین حب محمد یوسف بلوچ سابق چیئرمین بیلہ ضلعی آرگنائزر پی اے لسبیلہ محمد انور رند محمد سابق ضلع کونسل کے ممبر عبدالوحید تھکدرانی، عبدالمالک موندرو، ارشاد پارس گھمی، سیف اللہ ضلع و دیگر نے پیر کے روز بلدیہ ریسٹ ہاؤس حب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وندر ڈیم کا منصوبہ وزیر اعلیٰ بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

جمعیت سندھ کی تقسیم کو کسی بھی صورت قبول نہیں کریگی' علامہ راشد محمود سومرو

عمران نیازی ایک سلیکٹڈ ہے ہم نے کبھی بھی ان کے حکومت کو تسلیم نہیں کیا ہے، جمعیت علما اسلام سندھ

قلات (این این آئی) جمعیت علما اسلام سندھ کے جنرل سیکرٹری علامہ راشد محمود سومرو نے کہا ہے کہ جمعیت سندھ کی تقسیم کو کسی بھی صورت قبول نہیں کریگی یہ عالمی ایجنڈے کا حصہ ہے کہ پاکستان کی سندھی صوبہ کو بلوچستان اور سندھ سے الگ کیا جائے عمران خان کی نسبت مراد علی شاہ کی کارکردگی بہتر ہے عمران نیازی ایک سلیکٹڈ ہے ہم نے کبھی بھی ان کے حکومت کو تسلیم نہیں کیا ہے لیب ایک انتظامی ادارہ بن چکی ہے۔

سوراب پولیس نامزد ملزمان کی گرفتاری میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، میروانی قبیلے کے عمائدین

سوراب ہمارا گھر ہے جس کا امن و امان ہمیں سب سے زیادہ عزیز ہے' نکری محمد صالح میروانی

سوراب (این این آئی) میروانی قبیلے کے درجنوں عمائدین نے نکری محمد صالح میروانی، ڈاکٹر عبدالواحد میروانی، انجینئر یوسف میروانی نکری خدا دوست میروانی نکری عبدالفتاح میروانی، میر ابراہیم میروانی، ماما خدا بخش میروانی، حاجی علم خان میروانی اور منظور میروانی کی سربراہی میں ہاؤس ہال سوراب میں ایک پریس کانفرنس، جب کہ چیف آف میروانی سردار اسلم میروانی بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

فواد چوہدری کا اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ مضحکہ خیز ہے، نفیسہ شاہ

فواد چوہدری کا اجلاس بلانے سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے فیصلے کو غیر دانشمندانہ قرار دینا نامناسب ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی نے کہا ہے کہ فواد چوہدری کا اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ مضحکہ خیز ہے۔ ایک بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ حکومتی وزراء لاک ڈاؤن کھولنے کی حمایت کرتے ہیں تاہم اجلاس میں شرکت سے کتراتے ہیں۔ نفیسہ شاہ نے کہا کہ فواد چوہدری فیصلہ اپنی ہی حکومت کے فیصلے پر سوالیہ نشان ہے، فرنٹ لائن ورکرز اس وقت کورونا سے لڑ رہے ہیں۔

حکومت مراعات کار کو سہولتیں دے تو ملک معاشی بحران سے نکل سکتا ہے

سراج الحق

ہمارے صنعتکاروں اور تاجروں میں ملک و قوم کی خدمت کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے

حکومت ان کے لیے طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کر رہی ہے، تاجر نمائندوں سے گفتگو

لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ اگر حکومت اپنے سرمایہ کاروں کو سہولتیں دے تو ملک معاشی بحران سے نکل سکتا ہے۔ ہمارے صنعتکاروں اور تاجروں میں ملک و قوم کی خدمت کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ حکومت بیرونی سرمایہ تو ملک میں نہیں لا سکی اور جو ملکی سرمایہ کار اپنے ملک میں سرمایہ کاری اور کاروبار کو ترقی دیکر روزگار کے مواقع پیدا کرنا چاہتے ہیں حکومت ان کے لیے طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کر رہی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

قلات جمعیت کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری سے جمعیت صوبہ سندھ کے جنرل سیکرٹری مولانا راشد خالد محمود سومرو ملاقات کے بعد ملکی استحکام و سالمیت کیلئے دعا کر رہے ہیں

صدر کوئٹہ پریس کلب رضا الرحمان میڈیکل ایمرجنسی رسپاس سینٹر ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر کنٹرول روم کا معائنہ کر رہے ہیں

کروڑوں روپے تقسیم ہونے کی باوجود مستحقین محروم رہے ہیں' حاجی عبدالستار شاہ چشتی

مزدور اور دیہاڑی دار طبقہ آج تک حکومتی امداد کے انتظار میں رل گئے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی کنوینر مفتی شفیع الدین صوبائی ڈپٹی کنوینر حاجی عبیداللہ خلجی و دیگر نے کہا کہ وفاقی صوبائی حکومتوں کیجانب سے احساس کفالت پروگرام ہو یا راشن کی تقسیم میں صرف اور صرف مخصوص اپنی مخصوص فوٹو کھنچوا رہا ہے کروڑوں روپے تقسیم ہونے کی باوجود مستحقین بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے وکلاء کیلئے فوری طور پر خصوصی فنڈز کا اعلان کیا جائے، خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے ممبر خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے وکلاء کیلئے فوری طور پر خصوصی فنڈز کا اعلان کیا جائے تاکہ وکلاء پریشانیوں سے بچ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ کوئٹہ کا عصمت اللہ خان ولد فیض محمد کا گمشدگی وقات پر اظہار افسوس

کوئٹہ (ٹی این) بلوچستان ہائی کورٹ کوئٹہ کے ایک تعزیتی بیان میں عصمت اللہ خان ولد فیض محمد سپرنٹنڈنٹ (پی پی ایس۔17) ڈسٹرکٹ کورٹ اینڈ سیشن جج پشین کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں جناب جسٹس، ججز صاحبان اور دیگر سٹاف نے دوران سروس ان کی خدمات کو سراہتے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

پشاور بم دھماکے سے 2 اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی' ہسپتال منتقل

دھماکے کے بعد پولیس اور سیکورٹی اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی تمام اطراف کے مارکیٹ بند کرا کے علاقے کو سیل کر دیا

دیسی ساختہ 2 کلو بارودی مواد تجارتی مرکز اشرف خان روڈ پر رامپور گیٹ کے قریب بجلی کے پول میں نصب کیا گیا تھا، پولیس

پشاور (آن لائن) پشاور کے تجارتی مرکز اشرف روڈ پر بم دھماکے کے نتیجے میں 2 ٹریفک اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے لیڈی ریڈنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق دیسی ساختہ 2 کلو بارودی مواد پشاور کے تجارتی مرکز اشرف خان روڈ پر رامپور گیٹ کے قریب بجلی کے پول میں نصب کیا گیا تھا جو کہ زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں 2 ٹریفک پولیس اہلکاروں اور 1 دکاندار سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے۔ دھماکے کے بعد پولیس اور سیکورٹی اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور انہوں نے اطراف کے مارکیٹ بند کر کے علاقے کو سیل بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

چھتر' نائب تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی میر حسن بازار میں نرخ نامے چیک کر رہے ہیں

جامعہ سندھ انتظامیہ نے اساتذہ آفسران و ملازمین کی سالانہ لیوا ایکسٹینشن روک دی

لیوا ایکسٹینشن عید سے پہلے پر نہ ملنے والیس چانسلر و رجسٹرار کو ہٹانے کی تحریک چلانے کا اعلان

جامشورو (نامہ نگار) جامعہ سندھ انتظامیہ نے اساتذہ آفسران و ملازمین کی سالانہ لیوا ایکسٹینشن روک دی لیوا ایکسٹینشن عید سے پہلے پر نہ ملنے والیس چانسلر و رجسٹرار کو ہٹانے کی تحریک چلانے کا اعلان تصدیقات کے مطابق سندھ یونیورسٹی ایسوسیشن (سیوا) کی جانب سے یونیورسٹی کے انتظامی بلاک کے سامنے لیوا ایکسٹینشن نہ ملنے خلاف احتجاج کیا گیا سیوا کے صدر محمد علی گھانگرو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال عید الفطر کے موقع پر لیوا ایکسٹینشن دی جاتی ہے مگر اس سال کرونا کی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

غیر معیاری خوردونوش فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی' اسسٹنٹ کمشنر کوہلو

تھوڑے سے منافع کی خاطر عوام کی صحت سے کھیلنے کی اجازت کسی کو نہیں دیں گے' عبدالستار مینگل

کوہلو (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر کوہلو عبدالستار مینگل کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں چوہدری احمد شاہ مری، تاجر برادری اور صحافیوں نے شرکت کی اس موقع پر مختلف اشیاء خوردونوش کے قیمتوں کا جائزہ لیا جائے گا اور تاجر برادری کی مشاورت سے نئی ریٹ لسٹ ترتیب دی ہے جس میں گوشت چھوٹا 900 روپے فی کلو، 320 آٹا 55 روپے فی کلو، 30 پیاز 40، آٹا 20 کلو 860 روپے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

عبیداللہ مینگل کو ایس ایچ او پولیس تھانہ دودابہ تعینات کر دیا گیا

صحبت پور (نامہ نگار) محکمہ پولیس صحبت پور کے جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق عبیداللہ مینگل کو ایس ایچ او پولیس تھانہ دودابہ تعینات کر دیا گیا عوامی حلقوں نے ان کی تعیناتی کا خیر مقدم کیا ہے موصوف ایک ایماندار فرض بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

عبدالحمید تھیم کو ایس ایچ او پولیس تھانہ صحبت پور تعینات کر دیا گیا

صحبت پور (نامہ نگار) محکمہ پولیس صحبت پور کے جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق عبدالحمید تھیم کو ایس ایچ او پولیس تھانہ صحبت پور تعینات کر دیا گیا عوامی حلقوں نے ان کی تعیناتی کا خیر مقدم کیا ہے موصوف ایک ایماندار فرض شناس آفیسر ہیں جنہوں نے ہمیشہ علاقے میں امن و امان بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کاروبار کی بندش سے صوبے کی غریب عوام کی پریشانیوں کا احساس ہے' ریاض احمد لاگو

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما انجینئر ریاض احمد لاگو کا سریاب سلام لاگو حافظ منیر احمد شنگوری محمد نور قاروقی و دیگر رہنماؤں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ حکومت بلوچستان کا لاک ڈاؤن میں نرمی کے فیصلہ بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

نوشکی میں مہنگائی کا طوفان، قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

مرغی کے گوشت میں فی کلو 70 روپے اضافہ کر دیا گیا ہے سرکاری ریٹ 270 روپے مقرر ہے

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں مہنگائی کا طوفان، قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، مرغی کے گوشت میں فی کلو 70 روپے اضافہ کر دیا گیا ہے سرکاری ریٹ 270 روپے مقرر ہے جبکہ دکاندار 340 روپے میں فروخت کر رہے ہیں اور اگر یہی صورتحال رہی تو قیمتوں میں مزید اضافہ ہی گا برف بھی 15 سے 20 روپے کلو فروخت ہو رہی ہے سرکاری ریٹ 10 روپے کلو ہے اور اسی طرح فروٹ کی قیمتیں بھی آسمان باتیں کر رہی ہیں لیموں اور تربوز کو ڈالر کی طرح پر لگ گئے ہیں ڈیزل کی قیمتوں میں 40 فیصد کمی کے باوجود مہنگائی ختم نہ ہو سکی۔

ایپکا ملازمین کی ملک بھر میں مضبوط اور منظم تنظیم ہے' عبدالحی کنڈرانی

تمبو (آن لائن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن نصیر آباد کے نومنتخب صدر عبدالحی کنڈرانی و جنرل سیکرٹری عبداللہ رند نے کہا کہ ایپکا ملازمین کی ملک بھر میں مضبوط اور منظم تنظیم ہے جس کے پلیٹ فارم سے ملازمین کے درپیش تمام مسائل کے حل کے لئے جدوجہد کی جا رہی ہے ایپکا کے صوبائی صدر راز محمد بلوچ اور دیگر عہدیداران سمیت نصیر آباد کے ممبران نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے نصیر آباد کابینہ کی تشکیل دی ہے جن کے اعتماد کو کسی بھی ٹھیس نہیں پہنچائی جائے گی۔

ثابت ہو گیا شہباز شریف بزدل اعلیٰ ہیں' فیاض الحسن چوہان

کسی بزدل کو حکمرانی یا کسی سیاسی جماعت کی قیادت کا کوئی حق نہیں

اپوزیشن کا اجلاس کا مطالبہ تھا اور اپوزیشن لیڈر نے ہی چھٹی لے لی' صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب فیاض الحسن چوہان نے اپوزیشن لیڈر شہباز شریف کے کرونا کے باعث قومی اسمبلی اجلاس میں نہ جانے کے معاملے پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ شہباز شریف کرونا سے لڑنے کا عزم اور فیصلہ کر کے لندن سے پاکستان آئے تھے اور اب عالم یہ ہے کہ جس دن سے پاکستان آئے ہیں ایک کمرے میں قید ہیں۔ فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ شہباز شریف سے زیادہ بزدل شخص آج تک نہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف اپنے اندر جرات پیدا کریں اور کرونا کے خلاف جنگ کے عملی میدان میں قدم رکھیں۔

حالیہ